یہ دنیا اسباب کی ہے، اس سبب کو تلاش کرنا چاہئے اور کرنا ہی پڑتا ہے جس سے روپیہ ملے اور مال و دولت کا حصول ہو اگر ہے تو اس کو مقدم رہنا چاہئے۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ وہ سبب آپ نے غلط اختیار کیا ہو یا کمزور اختیار کیا ہو لیکن اسباب اختیار کرنا ہی فائدہ دیتا ہے۔ خوش قسمتی اور بد قسمتی ہمیشہ انسان کے گرد منڈلاتی رہتی ہے، خوش قسمتی کو سبب سے بلایا جا سکتا ہے اور بد قسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے حصول مال و زر کیلئے سبب اختیار کرنا علیحدہ سبب ہے۔ اس قسم کے سبب کیلئے ایک نادر موقع شرف زہرہ ہے جو کہ 2011ء میں 18 اپریل 01:42 تا 21:33 بروز پیر کو ہو رہا ہے۔

شرف زہرہ اس وقت ہوتا ہے جب زہرہ دور فلک طے کرتا ہوا برج حوت کے ۲۷ درجہ پر پہنچتا ہے تو اس میں ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ پروردگار نے وقت کے ہر موقع میں تاثیر رکھی ہے۔ حکمائے فلاسفر کا قاعدہ ہے کہ وہ حصول اثر کے لئے فاعل مہیا کرتے ہیں تاکہ عالم فلکی کی تاثیر کو عالم سفلی میں اتارا جا سکے اور جب ایسا مادہ مہیا کر لیا جاتا ہے جو اس کا اثر قبول کرے تو اس اثر کو لوح یا نقش پر اتار لیا جاتا ہے۔ تسخیر خلق، تسخیر حکام، رجوع خلق، رجوع مال و دولت کے لئے ایک نادر عمل دے رہا ہوں اس کو لوح چاندی پر عین شرف کے اوقات میں ساعت زہرہ میں اتار لیا جائے۔

ایک لوح چاندی پر نقش ذوالکتاب کندہ کریں۔ آیت مبارکہ جس کی روحانیت سے کام لیا گیا ہے:

" يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ "

اعداد اس کے 958 ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

جبرائیلؑ

ما یرید	ویحکم	ما یشاء	اللہ	یفعل
۶۷	۱۹۱	۲۶۱	۸۵	۳۵۴
۸۱	۳۵۵	۶۸	۱۹۲	۲۶۲
۱۹۳	۲۶۳	۸۲	۳۵۱	۳۵۰
۳۵۲	۶۵	۱۹۴	۲۶۴	۸۳

میکائیلؑ

(دائیں: حمعسق، اسرافیل — بائیں: کہیعص، عزرائیل)

چال نقش

۲۵	۱۹	۱۳	۷	۱
۸	۲	۲۱	۲۰	۱۴
۱۶	۱۵	۹	۳	۲۲
۴	۲۳	۱۷	۱۱	۱۰
۱۲	۶	۵	۲۴	۱۸

Scanned with CamScanner

انوار الجفر

طلسم دولت و طلسم صحت

لوح طلسم خصوصی دولت انوار الجفر کے کمالات میں سے ہے، طلسم دولت صدیوں سے اکثر لوگوں کی تلاش رہا ہے۔ تسخیر دولت اس طلسم کی برکت سے بے اندازہ دولت کے اسباب پیدا ہوں گے یا جس کا کاروبار چلتے چلتے روک گیا ہو یا سحر جادو کے زور سے بند ہو گیا ہے ترقی و کامیابی ترقی دولت ترقی فتوحات کے لئے یہ لوح اس کی کامیابی کی ضمانت بنے گی، اس طلسم کی برکت سے کچھ ہی عرصہ میں دولت کے ایسے وسائل پیدا ہوں گے جس سے عقل حیران رہ جائے گی۔

طلسم دولت وہاں بھی کام کرتی ہے جہاں انسان کے پاس روپے کی کمی ہو یا پیسہ کسی کو دیا ہوا ہو اور وہ واپس نہ ملتا ہو اور قرضہ کی وجہ سے پریشان ہو تو یہ طلسم بنوا کر پاس رکھیں۔ اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا جس سے عقل حیران ہوگی اور اس پر تھوڑے ہی عرصہ میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے اور خوشحالی لوٹ آئے گی۔

طلسم خصوصی صحت کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں:

وہ بیماری جو لا علاج ہو چکی ہو جس کا کوئی حل کسی طرح نہ نکل رہا ہو، گردے کی پتھری ہو یا کمر میں درد، سر میں درد ہو یا جوڑوں میں درد ہو، آسیب کا مرض، مرگی ہو یا جنات کا اثر، کسی بدبخت نے سحر جادو وغیرہ کیا ہوا ہو یا کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی، کینسر یا شوگر کا مرض لاحق ہو گیا ہو یا ایسی بیماری ہو گئی ہو جس کا کوئی حل یا علاج نہ ہو تو اس طلسم کی برکت سے اللہ پاک شفائے کامل عطا فرمائے گی، چاندی کی ایک ہی تختی پر ایک طرف طلسم خصوصی دولت لکھیں اور 40 پرچیوں پر زعفران و عنبر سے یہ طلسم لکھ کر روزانہ ایک ایک پرچی پیا کریں۔ روزانہ اس کے ساتھ چھوٹی سی پڑھائی بھی کرنی ہے، روزانہ 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے صحت بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔ یہ لوح ہر ماہ نو چندی جمعہ کو تیار ہوتی ہے، اس کے علاوہ شرف شمس، شرف زحل، شرف مریخ، شرف عطارد میں بھی تیار کی جاتی ہے یا ستاروں کی سعادت مند نظر میں بھی تیار کی جاتی ہے۔ مثلاً تسدیس یا تثلیث زہرہ مشتری کے ساتھ سعد نظر ہو اس میں تیار کی جاتی ہے۔

میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے، پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو بلا معاوضہ جوابی لفافہ بھیج کر مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ

حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بِحَقِّ پنجتن پاکؑ بِحَقِّ شہدائے کربلا فلاں بن فلاں کو شفائے کامل عطا فرما۔ بِحَقِّ مولا علیؑ مشکل کشا۔



☆☆ لوح رد سحر ☆☆

یہ خاص لوح ان پریشان اور مایوس کن افراد کیلئے تیار کی جاتی ہے جو کہ جناتی اثرات تعویزات اور دشمنوں کے جادو وار کی وجہ سے آئے روز نئی نئی مصیبتوں میں پھنسے رہتے ہیں۔ زندگی میں ناکامیاں ان کا مقدر بن گئی ہوں ہر طرف بند رستہ نظر آتا ہے یا جسم میں جھٹکے لگتے ہیں یا حافظہ کمزور ہو گیا ہو، دل و دماغ میں عجیب و غریب وسوسے اور وہمات جنم لیتے ہوں۔ گھر میں پُر اسرار واقعات رونما ہوتے ہوں کبھی خون اور کبھی پانی کے چھینٹے پڑتے ہوں۔ گھر یا جسم سے بدبو آتی ہو یا دہشت خوف طاری رہتا ہو۔ غنودگی یا نیند کی حالت میں چونک کر اٹھ جاتے ہوں، اولاد نافرمان ہو یا کاروبار کی بندش کا شکار ہیں یا نکاح کی بندش کردی گئی ہو یا بیماری جان نہ چھوڑتی ہو۔ زندگی میں سوائے ذلت اور رسوائی کے کچھ ہاتھ نہ آیا ہو ان تمام حالات میں لوح رد سحر آپ کیلئے قدرت کا ایک بہترین تحفہ ثابت ہوتی ہے۔ اس لوح کی برکت سے دشمن کا ہر حملہ ختم ہو جاتا ہے۔ ناکامیاں کامیابیوں میں بدل جاتی ہیں۔ خوشیوں سے زندگی بھر جاتی ہے۔

لوح کا ہدیہ -/3300 روپے منی آرڈر کریں

ایڈریس:۔ دفتر ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

رحمکاریہ جفر عمل دست غیب

سب سے پہلے اللہ پاک رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لاکھوں کروڑوں درود وسلام۔

دست غیب مالی آسودگی، ادائیگی قرض، خصوصی دولت، مسائل کے حل، رزق میں برکت، ترقی دولت، ترقی وفتوحات، دشمنوں سے حفاظت، مقدمہ میں کامیابی کیلئے یہ عمل بہت طاقت ور ہے، اگر کسی پر قرضہ کا بوجھ ہو وہ اترنے کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو اس عمل کو مکمل یقین اور توجہ سے کریں، اللہ پاک ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ عقل حیران ہو جائے گی، اس کے علاوہ کسی قسم کی پریشانی ہو، اس کا حل نہ ملتا، یا کسی سحر جادو کا اثر ہو یا دشمن نے زمین تنگ کر رکھی ہو، اس سے نجات کے لئے اس عمل کو کریں، اس عمل کی برکت سے تمام پریشانیاں اور قرضے ختم ہو جائیں گے یہ عمل میرے برسوں کے معمولات خاص میں ہے۔ سب سے پہلے ایسی جگہ تلاش کریں جو آبادی سے دور ہو، ترکیب یہ ہے کہ دو چلوں تک چارپائی استعمال میں نہ لائیں، فرش یا زمین یا تخت پر سوئیں، جو زمین سے زیادہ اونچا نہ ہو۔

دو رکعت نماز نفل عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں، نیت دست غیب کے لئے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر 41،41 مرتبہ پڑھیں، سلام پھیر کر 313 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اب پانچ روپے کے پانچ سکے حاصل کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں۔ یہ سکے شرف قمر میں حاصل کریں، پہلے سکے پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لکھیں، دوسرے سکے پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نام مبارک لکھیں، تیسرے سکے پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نام لکھیں۔ چوتھے سکے پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور پانچویں سکے پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا نام لکھیں۔ اس طریقہ سے پانچ سکوں پر پنجتن پاک کے نام بزرگ لکھیں۔ اس کے لکھنے کا خاص وقت بھی لکھ دیتا ہوں۔ شرف قمر یا چاند کی چودھویں میں جس میں قمر در عقرب نہ ہو قمر کی ساعت میں ان سکوں پر پنجتن پاک کے نام لکھیں۔

پہلے سکے کو سبز رنگ کے کپڑے میں بند کر کے مشرق کی طرف لٹکائیں، دوسرے سکے کو آسمانی رنگ کے کپڑے میں بند کر کے مغرب کی طرف لٹکا دیں۔ تیسرے سکے کو گلابی رنگ کے کپڑے میں بند کر شمال کی طرف لٹکا دیں۔ چوتھے سکے کو سفید ریشمی کپڑے میں بند کر کے جنوب کی طرف لٹکا دیں۔ پانچویں سکے کو سبز اور گلابی رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر کسی صندوق میں محفوظ جگہ پر رکھ دیں، اب پہلے سکے پر 92 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دم کریں، دوسرے پر 135 مرتبہ درود ابراہیمی اور سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔ تیسرے سکہ پر 110 مرتبہ درود ابراہیمی، 110 مرتبہ نادعلی شریف پڑھ کر دم کریں، چوتھے پر 128 مرتبہ درود ابراہیمی اور 92 مرتبہ سورۃ القدر پڑھ کر دم کریں۔ پانچویں سکے پر 118 مرتبہ درود ابراہیمی اور 35 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ تمام پڑھائی کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیں۔

اب روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پہلے دن دس مرتبہ نادعلی شریف پڑھیں، دوسرے دن 20 مرتبہ، اسی طرح روزانہ 10 مرتبہ نادعلی شریف کا اضافہ کیا جائے، 40 دن میں 400 مرتبہ آ جائے گا۔ اس پر عمل ختم نہیں کرنا ہے، پھر روزانہ 400 سے یعنی 41 ویں دن 400 مرتبہ نادعلی شریف سے 10 مرتبہ روزانہ کم کرنا ہے۔ دوسرے چلہ کے آخری دن 10 مرتبہ رہ جائیگا۔ باقی یہ کل دو چلوں کا عمل ہے بلکہ تین چلوں تک پڑھیں، اس کے تاثرات میں سے اللہ پاک ایسی تاثیر پیدا فرمائے گا کہ عقل حیران ہوگی، اللہ پاک اس عرصہ میں غیب سے ایسا سامان پیدا فرمائے گا کہ بقیہ زندگی محتاج نہ ہوں گے بلکہ فراغت سے بسر ہوگی اور زندگی بھر کا بندوبست ہوگا۔

ایک زمانہ تھا کہ جب اس عمل سے کیمیا کا نسخہ عامل کو تعلیم کر دیتا تھا ایک اور زمانہ تھا جبکہ دفینہ کا پتہ مل جاتا تھا۔ موجودہ دور میں میرے خیال میں پرائز بانڈ یا انعامی سکیموں میں حصہ لے کر عمل کرنا چاہئے۔ بہر حال اس کے متعلق سوچنا بیکار ہے یہ قدرت کا کام ہے کہ وہ کیا بندوبست کرتی ہے اور اس کو کس طرح انعام سے نوازتی ہے۔ باقی دن کے وقت چلتے پھرتے درود ابراہیمی کا ورد رکھیں اور اس کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیا کریں۔

جب تین چلے مکمل ہو جائیں تو اپنے گھر واپس آ کر وہ سکے بھی اپنے ساتھ لائیں، ان سکوں کو صندوق میں بند کر کے رکھیں۔ اس میں کوئی پرہیز نہیں جو شریعت نے منع کیا وہ بھی پرہیز ہے مگر غفلت سے نہ پڑھیں بلکہ توجہ سے پڑھیں۔ اگر عامل کو کوئی چیز وغیرہ دکھائی دے تو اس پر دھیان نہ دیں بلکہ اپنے کام سے کام رکھیں، یہ عمل فقیر کو غنی کر دیتا ہے، عمل بالکل چھوٹا سا ہے مگر پابندی بڑی ہے۔ شروع کے دن ذرا سختی محسوس ہوگی، اس کے بعد آسان ہو جاتا ہے، یہ عمل وہ لوگ نہ کریں جن پر آسیب یا جنات یا مرگی کا کوئی مرض ہو کسی بھی عروج ماہ میں نوچندی جمعرات یا نوچندی اتوار سے اس عمل کو شروع کریں، عمل کے دوران کوئی آواز سنائی دے تو اس آواز سے گھبرائیں نہیں۔

ہر قاری کو میں دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل کو کریں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے پانچ کلو مٹھائی لا کر اس پر 583 مرتبہ درود ابراہیمی 583 مرتبہ سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیں اور پھر یہ مٹھائی کسی سید زادے کو ہدیہ کریں۔ اس کے ساتھ نادعلی شریف کی زکات کا طریقہ بھی دیکھ دیتا ہوں۔

Scanned with CamScanner

نادعلی ماہ رجب شعبان، رمضان تین ماہ رجب کی نوچندی جمعرات سے نادعلی شریف روزانہ 313 مرتبہ پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد **یہ زکوٰۃ عیدالفطر تک پڑھیں** جب عیدالفطر کی نماز پڑھیں تو پانچ کلو مٹھائی لا کر اس پر 110 مرتبہ درود ابراہیمی، 110 مرتبہ سورہ فاتحہ، 110 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سبق کا اور مٹھائی کا ثواب بخش دیں۔ پھر دعا کریں کہ یا اللہ پاک مجھے توفیق دے کہ اس نادعلی شریف سے لوگوں کو فیض پہنچاؤں۔ پھر روزانہ عمل کو قابو رکھنے کیلئے 21 مرتبہ پڑھا کریں، اس کے ساتھ نادعلی شریف کی زکوٰۃ اکبر ادا ہو جائے گی، اس کی زکات دینے میں بھی پرہیز نہیں، دن کے وقت درود ابراہیمی کا ثواب پنجتن پاک کو بخش دیں، روزانہ عمل شروع کرنے سے پہلے نفل حاجات برائے زکات پڑھیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 110 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب حضرت علی رضی اللہ عنہ مشکل کو بخش دیں، پھر نادعلی شریف سے ہزاروں کام کئے جاتے ہیں۔

یہ عمل میں نے خصوصی طور پر قارئین کے لئے تحریر کیا ہے، میں ہر قاری کو دعوت دیتا ہوں کہ اس عمل کو پورے اعتماد اور یقین کے ساتھ کریں۔ اللہ پاک ایسے اسباب بنائے گا کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔

آخر میں یہ کہوں گا کہ اس عمل کیلئے کسی عامل کامل سے اجازت طلب کریں اگر اس طرح کوئی نہ ملے تو یہ فقیر حاضر ہے، جن لوگوں کے دل میں پنجتن پاک کے لئے بغض ہو وہ زحمت نہ کریں کیونکہ عمل یقین کامل ہو تو تب کامیابی ہوتی ہے۔ ہر شخص اس عمل کو کر سکتا ہے کوئی پابندی نہیں۔ بہت چھوٹا اور سادہ عمل ہے، یہ عمل غریب کو امیر کر دیتا ہے۔ اگر عمل شروع کریں تو پہلے اپنے نام کے اعداد کے مطابق سورہ اخلاص کا ورد کریں۔ عمل کے آغاز سے چند دن قبل مذکورہ بالا سورہ کا ورد اتنی بار کیا جائے کہ آپ کی زبان اور روح میں اس سورہ مبارکہ کی تاثیر پیدا ہو جائے۔

یہ عمل بہت کامیاب اور پُر تاثیر ہے، یہ عمل مجھے سفر عراق، مقدس مقامات میں ایک فقیر عامل سے بطور تحفہ ملا تھا۔ میں نے خصوصی طور پر تحریر کیا ہے۔ جس کا شوق ہو وہ پابندی سے کریں۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے پنجتن پاک چودہ معصومین علیہ السلام کے صدقے آپ لوگوں کو کامیاب کرے۔ (آمین)

میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے، پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو بلا معاوضہ جوابی لفافہ بھیج کر مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ وَسَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ نَبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

رحمکاریہ جفر دعوت حروف تہجی

علم الحروف کے متعلق بہت کم لوگ جانتے ہیں۔ علم الحروف زیادہ تر لوگ مشکل عملیات کو پسند کرتے ہیں، پیچیدہ قوانین ہوں تو زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ علم الحروف کے نتائج 99 فیصد درست ہوتے ہیں۔ اگر آپ بھی چاہیں تو اس علم کو سیکھنے کیلئے آزما سکتے ہیں۔ نتائج یقینی بہتر اور حوصلہ افزا ہوں گے۔

قارئین کرام! اس بار دعوت حروف تہجی کے حوالہ سے مضمون لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ طریقہ برسوں سے ہمارے خاندان میں چلتا آ رہا ہے۔

سب سے پہلے ان حروف کا عامل بننے کیلئے کسی ایسے عامل کو تلاش کریں جو حروف تہجی کی زکات کا عامل ہو۔ یہ زکات 6 ماہ تک ادا ہوتی ہے۔ اس کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

(1) شریعت نے جو پابندی رکھی ہے عامل اس کی پابندی کرے گا۔ عامل روزانہ حروف تہجی ملفوظی 92 مرتبہ لکھے گا اور ساتھ میں کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ بحق اللھم صلی علی محمد وعلیٰ آل محمد روزانہ 1100 مرتبہ پڑھنا ہے۔ اس کا ثواب پنجتن پاک کو 14 معصومین علیہ السلام کو بخشنا ہے۔ یہ اس میں شرط ہے اگر کوئی اسی طریقہ سے نہ بخشیں تو اس کی زکات ادا نہیں ہوتی، دنیا کی ہر چیز کا ایک قاعدہ ہوتا ہے اور حروف سے کام لینے کیلئے جب تک انسان قواعد عملیات کے تحت عمل نہ کریں تو پھر عمل میں ناکامی ہوتی ہے، مجھ پر مولائے کائنات اور پنجتن پاک کے بہت سے احسانات ہیں، اس محفل میں جو طریقہ زکات پیش کرتا ہوں۔ یہ عمل مجھے بغداد میں حضرت غوث اعظم سید شیخ عبدالقادر جیلانی کی اولاد میں سے ایک جفار عامل سے ملا تھا۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ طریقہ حکیم افلاطون کا ہے جو سینہ بہ سینہ ان کے خاندان میں چلتا آ رہا ہے۔

زکات سے پہلے سات رنگ کی مٹھائی لا کر اس پر سورہ فاتحہ سورہ اخلاص اور 92 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دعا کریں۔ اس کا ثواب پنجتن پاک، چودہ معصومین کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو بخش دیں۔ زکات سے پہلے دو رکعت نماز نفل آدھی رات کو پڑھ کر پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورہ اخلاص، دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد 41 مرتبہ سورۃ

عمل الحُب

تحریر
عابد جعفری
(کھوڑ)

درج ذیل عمل حکیم لال گوبند کا ہے۔ جنہوں نے یہ عمل حکیم مانک سنگھ مانی اباوان ہندی کو عطا کیا تھا جس کو حکیم صاحب نے 1956ء میں ایک انڈین میگزین "سجاونا" میں شائع کروایا تھا۔ بقول حکیم صاحب کے اس عمل کا آدھا حصہ "واستوکھتا" میں درج ہے مگر مکمل عمل راز سینہ ہے، یہ عمل قدیم سنسکرت زبان میں ہے اور حب میں چلتا ہوا جادو ہے۔ اس عمل سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے: ذیل کا منتر اس طریقے سے پڑھنا ہے کہ ایک لوہے کا برتن لے کر اس میں ریت بھر دیں اور نہایت ہلکی آنچ پر رکھ دیں اور خود اپنا بایاں ہاتھ ریت میں ڈال کر عمل کو اونچی آواز میں پڑھنا شروع کر دیں۔ جب محسوس ہو کہ حدت ریت برداشت نہیں ہو رہی تو پڑھنا ختم کر دیں اور برتن کو اٹھا کر فوراً کسی مٹی کے برتن میں ڈال دیں اور اوپر سے مضبوط کر کے باندھ دیں اور کسی چلتے ہوئے پانی میں بہا دیں، واپسی پر مڑ کر نہیں دیکھنا۔ یہ عمل غریب سے لے کر بادشاہ تک یکساں اثر انداز ہوتا ہے۔ چار گھنٹوں میں مطلوب کو اپنی لپیٹ میں اس طرح لے لیتا ہے جس طرح سانپ باز و پر لپٹ جاتا ہے۔ لوگ حب کے اعمال کے متلاشی رہتے ہیں لیکن میرا یہ دعویٰ ہے کہ وہ اس عمل کو ضرور آزمائیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں اس عمل کو میں نے من و عن بیان کر دیا ہے لیکن بہتر ہوگا کہ کرنے سے پہلے مشورہ کر لیں ہو سکتا ہے کوئی بات ایسی ہو جو کہ احاطہ تحریر میں نہ لائی جا سکتی ہو۔

شَنُھَتَ کَیْرَنْ کَرِشْنَتْرَانْ اَوْنَکْھ
زِبْدَتْ ھَنُتَ شَھَنُتَ
وَشَھَنُتَ وَشَیُ اَنْتَرَا

اسی ہندی رسالے میں حُب کا ایک غضب کا مسان بنانے کا طریقہ بھی درج ہے۔ یہ عمل پنڈت وجے گوپال نے دیا ہے یہ ایک سیمیاوی طلسم ہے، ایک جونک لے کر اس کو ایک پانی کے برتن میں چھوڑ دیں۔ تین روز ایک ہی وقت پر اس کو پانی سے باہر نکال کر اپنے خون کے چند قطرے اس پر ڈال دیں۔ جب وہ پی لے تو اس کو دوبارہ پانی میں ڈال دیں چوتھے روز سرخ رنگ کی بوتل میں ڈال کر سورج کے مقابل رکھ دیں جب سورج غروب ہونے کو آئے تو اس کو بوتل سے نکال لیں جونک مر چکی ہوگی۔ اب اس کو باریک پیس لیں یہ حب کا ایک لاجواب مسان ہے۔ یہ عمل تجربہ شدہ ہے۔ اور آج تک ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔

شرف عطارد..........دعوت حروف تسخیر

شرف عطارد میں اکبر عاملین جفر حروف تسخیر کی زکات نکالتے ہیں۔ آج کی محفل میں تحفہ روحانیات کیلئے دعوت حروف تسخیر کے ساتھ حاضر ہوں۔ اس سال شرف عطارد 17 ستمبر 11:33 تا 18 ستمبر 00:27 قائم ہو رہا ہے۔ اسمیں وہ ناکام عاشق جوگلیوں میں مارے مارے پھرتے ہیں اور عشق نے برباد کیا ہوا ہے اور عاملین عملیات سے دھوکہ کھاتے ہیں یا میاں بیوی میں محبت یا تسخیر خلق، تسخیر فتوحات، رجوع خلق ترقی مرتبہ اور تسخیر دولت کے کاموں میں استعمال ہونے اور حروف تسخیر اکبر کی زکات دے کر اپنی زندگی بنائیں۔ حروف تسخیر اکبر مندرجہ ذیل ہیں۔

ا۔د۔خ۔ک۔م۔س۔ف۔ق۔ر۔ش۔ت۔ی۔ح۔ذ۔ض۔ظ۔غ

ان حروف کو 2100 مرتبہ کالی سیاہی سے لکھ دیں یہ اب آپکی مرضی ہے کہ ایک دن میں لکھیں یا ایک ہفتہ میں لکھیں۔ اس کے علاوہ یہی عمل شرف زحل جو کہ 12 اکتوبر 14:03 تا 20 اکتوبر 18:42 قائم ہو رہا ہے۔ اس میں بھی اس زکات کو ادا کر سکتے ہیں۔ لیکن لکھنا صرف شرف زحل کے درمیان ہے۔ زکواۃ دینے سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجات پڑھکر 5 کلو مٹھائی لا کر 1100 مرتبہ درود ابراہیمی 1100 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ کر اسکا ثواب پنجتن پاک ؑ کو چودہ معصومین ؑ کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کو، حضرت داتا گنج بخش ؒ میرے پیر و مرشد حضرت امام زین العابدین علیؑ کو حضرت شیخ رحمکار المعروف زیارت کا کا صاحب کو حضرت امام جعفر صادقؑ کو اور حضرت امام غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو حضرت خواجہ معین چشتی کو بخش دیں۔ اور یہ دعا کریں کہ یا اللہ پاک حضرت محمدؐ کے صدقے مجھے ایسی توفیق بخشدے کہ ان حروف سے اچھے کام لے سکوں۔ اس عمل کی اجازت ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے لے لیں۔ اور محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

پاکستان بک ڈپو، ٹریفک چوک جام پور۔ 0641-567520
ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

فیوض العملیات: اعمال مجربات

تحریر
محمد قسور حسین
میلسی

آج کی محفل میں چند مجرب اعمال آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ،امید ہے یہ سلسلہ آپ کو پسند آئے گا اور آپ ان اعمال کو اپنے عمل میں لا کر ضرور بالضرور فائدہ حاصل کریں گے۔ قارئین آپ جو بھی عمل کریں وہ یکسوئی قلب سے کریں کیونکہ عملیات میں کامیابی کیلئے جو سب سے اہم نقطہ ہے وہ یکسوئی قلب کا ہے۔ یکسوئی قلب کے بغیر اعلیٰ سے اعلیٰ عمل بھی کئے جا رہے ہیں لیکن پھر بھی بے اثری کا رونا ہے۔ کوئی بھی عمل ہو آپ یقین اور یکسوئی سے کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اب اعمال کی طرف آتے ہیں۔

(1) دکان و کاروبار خوب چلے:

چاند دکھائی دینے کے بعد جو پہلا پیر کا دن آئے تو سورج طلوع ہونے کے بعد یہ نقش پہلی ساعت میں زعفران سے لکھیں دو عدد نقش قبلہ رخ ہو کر لکھیں لیکن لکھنے سے پہلے 100 بار درود ابراہیمی پڑھیں یا جو بھی یاد ہو جب نقش لکھ لیں تو پھر 300 بار درود شریف پڑھ کر ان دونوں نقوش پر پھونک دیں، پھر ایک نقش دریا یا نہر یا تالاب میں ڈال دیں اور دوسرا نقش دکان یا مال میں رکھ دیں، انشاء اللہ خوب فائدہ ہوگا اور اگر ایک پیر (سوموار) تک کوئی فائدہ نہ ہو تو پھر دوسرے نقش کو دریا میں ڈال دیں اور پھر اوپر والے طریقے پر دو نقوش لکھیں۔ انشاء اللہ خوب فائدہ ہوگا اور آپ کا جی خوش ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۲۷	۱۲۰	۱۳۳	۱۲۰
۱۳۲	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۵	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۴

(2) حسب منشا ملازمت کیلئے:

ملازمت کے سلسلے میں پریشان لوگ نماز مغرب کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد (سورہ اخلاص) پڑھیں۔ پھر گیارہ بار یہ عمل پڑھیں۔ 11، 21 یا 41 دنوں کے اندر آپ کا کام ہو جائے گا۔

لا الہ الا اللہ بزرگی وجباری............ لا الہ الا اللہ رحیمی وغفاری

لا الہ الا اللہ الٰہی مرا بہ خلق نہ گزاری............ **فوضت امری**

اِلَی اللّٰهِمَن لِی سِوَاكَ مَلۡجَائِی یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِین ـ اَللّٰهُمَّ اَعۡطِنِیۡ فَوۡزًا بِفَضۡلِكَ وَكَرَمِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِین ـ اَللّٰهُمَّ یَا بَاسِطُ الۡبَدَیۡنِ بِالۡعَطَا یَا خَبِیۡرُ اَنۡتَ بِالۡغَیۡبِ رَحِیۡمٌ اَنۡتَ بِالۡعِبَاد۔

(3) برائے محبت جائز:

جس عورت کا خاوند سخت مزاج ہو اور اولاد نافرمان ہو وہ عورت کھانا باوضو پکائے اور کثرت سے پڑھے:

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ یَا وَدُوۡدُ مِنۡ كُلِّ وَدُوۡدٍ بِحَقِّ یَا وَدُوۡدُ

سالن کی ہانڈی آٹا گوندھتے وقت اور روٹی پکاتے وقت پڑھتے رہیں اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد دم کرتے رہیں، انشاء اللہ شوہر یا اولاد کھائے گی تو ضرور فرمانبردار ہو جائے گی۔ جائز محبت کے لئے یا ودود 4000 بار پڑھے اور صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ والی دعا اوپر والی ہر ہزار کے بعد 20 بار پڑھے اور کسی بھی چیز پر دم کر کے کئی دن کھلائیے، ضرور کام ہوگا اور اگر کھلا نہ سکتے ہوں تو 21 دن کریں، کام ہو جائے گا۔

(4) بیماری کو دفع کرنا:

اگر آپ خود بیمار ہیں یا کوئی عزیز تو اس آیت پاک کو 40 تعویز لکھ کر زعفران سے صبح شام ایک تعویز پانی میں گھول کر پلائیں اور دم بھی روزانہ چند بار پڑھ کر کرتے رہیں تو شفا کامل نصیب ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ۔

(5) اگر گھر میں خون کے چھینٹے آتے ہوں یا غیبی چیزیں تنگ کرتی ہوں:

اگر گھر میں خون کے چھینٹے آتے ہوں اُس کی وجہ سے گھر کے لوگ اکثر بیمار رہتے ہوں یا کوئی چیز غائبانہ چلتی نظر آئے تو اس کو دفع کرنے کیلئے یہ چند

جدہ نیوز ایجنٹ، توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان۔ 0966-716207 — ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

نقوش بنائیں گھر میں لٹکائیں پانی میں گھول کر پیئیں اور گھر میں چھینٹے ماریں اور اپنے پاس بھی رکھیں۔ انشاء اللہ شفا ضرور ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۲۷۳	۱۲۷۶	۱۲۷۹	۱۲۶۵
۱۲۷۸	۱۲۶۶	۱۲۷۲	۱۲۷۷
۱۲۶۷	۱۲۸۱	۱۲۷۴	۱۲۷۱
۱۲۷۵	۱۲۷۰	۱۲۶۸	۱۲۸۰

قُل ھو اللّٰہ اَحد یا جبرائیل اللّٰہ الصّمد یا میکائیل لم یلدولم یولد یا اسرافیل ولم یکن لہٗ کُفُواً اَحد یا عزرائیل

(6) مصیبت و پریشانی سے چھٹکارا:

اگر آپ کسی بھی مصیبت میں مبتلا ہیں کوئی دشمن ہے مال و اسباب کی تنگی ہے اولاد نافرمان ہے، الغرض کوئی بھی معاملہ ہے تو اس ترکیب کو اللہ کے بھروسے پر سچے دل اور خلوص نیت سے اس عمل کو شروع کرو وہ کارساز حقیقی آپ کے بگڑے کام ضرور سنوار دے گا۔ عروج ماہ میں جمعرات کے روز روزہ رکھیں۔ شام کو صرف کھجور یا کھیر وغیرہ سے افطار کریں اس کے علاوہ کوئی چیز نہ کھائیں۔ ضرورت ہو تو پانی پی سکتے ہیں۔ کوئی بدبودار و نشہ آور چیز استعمال نہ کریں۔ نماز مغرب کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت پڑھیں:

"اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ"

اوّل و آخر درود پاک پڑھیں۔ 11 بار۔ اور اگر ہر بار ساتھ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں تو زیادہ اچھا ہے ورنہ شروع میں ایک بار ضرور پڑھ لیں اور عمل ختم کر کے نہایت عاجزی سے دعا کریں اور اس مصیبت کا نام لیں جس کے لئے عمل پڑھا ہے۔ دوسرے روز کسی بھی وقت یہ آیت 101 بار پڑھ لیا کریں، روزہ رکھنے کی دوبارہ ضرورت نہ ہے۔ انشاء اللہ کچھ دنوں میں تمام مصیبتیں دور ہوں گی، بعد ازاں صدقہ کریں۔

(7) خونی و بادی بواسیر کا علاج:

اس مرض کے مریض اگر گولیاں کھا کھا کر تنگ آ چکے ہوں تو اس نقش کو چاندرات کو لکھ کر ناف پر باندھے، انشاء اللہ شفا کاملہ نصیب ہوگی۔

۷۸۶

۱۲	۳۵	۳۸	۵
۳۷	۶	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۹	۸	۳۹

خونی و بادی بواسیر ختم شود

عمل محبت جفر

تحریر
خضر حیات وردی
(کراچی)

قارئین تحفہ روحانیات! شرف عطارد کے اس خاص موقع پر ایک عمل محبت جفر (عمل محبت) لے کر حاضر خدمت ہوں، یہ عمل محبت اس قدر پُر تاثیر ہے کہ مطلوب وقت میں آپ کا کام کر دے گا اس عمل میں کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ ناجائز کیا تو جان کے لالے پڑ جائیں گے۔ اس لئے سوچ سمجھ کر کریں۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ خاص ساعت عطارد جو کہ رسالہ تحفہ روحانیات میں شائع کر دی گئی ہے، عمل توجہ اور دھیان مطلوب کی جانب ہو خیالات منتشر نہ ہوں۔ اس ساعت میں عمل کی سطر اول کے مفرد الفاظوں کو مفرد ہی پڑھا جائے، یعنی ب د و ح ک م س اس طرح پڑھ کر پورا عمل پڑھیں۔ اس عمل سے حاضری مطلوب کے لئے پاک صاف ہو کر تنہا کمرے میں خوشبو جلائے اور عمل کا ورد شروع کریں۔ اول آخر سات بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔ انشاء اللہ 7 دن حد 14 دن میں مطلوب سامنے آ جائے تو جب تک وہ خود بازو سے پکڑ کر نہ اٹھائے تب تک کھڑا ہو کر ہم کلام نہ ہوں، جب مطلوب بازو سے پکڑ کر اٹھائے تب ہی اس سے بات کریں، بُرا خیال یا نیت ہرگز نہ کی جائے ورنہ جان کی خیر نہیں۔ جائز مطلب کے لئے اس عمل کو کیا جائے۔ پڑھنے کا وقت عشاء کی نماز کے بعد کا ہے۔ ایک ہزار بار مطلوب کا تصور کر کے پڑھنا چاہئے، اپنے گرد حصار ضرور کریں۔ (نوٹ) حصار صرف ماحول کے لئے ہے یہ عمل کسی قسم کا خوف نہیں دیتا مگر اس عمل کی تاثیر اس قدر تیز ہے کہ اول تو پڑھنے کے تیسرے دن ہی مطلوب کی شکل میں مؤکل حاضر ہو جاتا ہے اور دور ہی دور سے عمل بند کرنے کے لئے کہتا ہے۔ مختلف باتیں کر کے باہر آنے کے لئے کہتا ہے اور اگر عامل غلطی سے حصار سے باہر آ جائے تو مؤکل غائب اور عمل ضائع ہو جاتا ہے اس لئے کہ اس عمل کا مؤکل صرف مطلوب کی شکل میں آ کر عمل بند کروانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس لئے کسی قسم کا خوف کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یاد رہے صرف اصل مطلوب ہی حصار کے اندر داخل ہو کر آپ کو اٹھائے تب ہی عمل کامیاب ہوگا۔ اس عمل میں پرہیز کسی قسم کا نہیں ہے۔ عمل نوچندی جمعرات سے شروع کیا جائے۔ عمل یہ ہے

ب د و ح ک م س ف ر ت خ ض کرو
قل ھو اللہ فلاں بنت فلاں کو حاضر کرو
حاضر کرو حاضر کرو شتاب

مجرب حصار

تحریر
منظور علی سموں
ٹنڈو محمد خان

کتاب "اسرار حروف صوامت" سے اقتباس

عملیات کی دنیا میں بعض اوقات حصار کی ضرورت ہوتی ہے۔ حصار ایک قسم کا پختہ قلعہ ہے۔ جس میں صاحب عمل ہر قسم کے خطرات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ حصار کی عبارت کو پڑھنے سے متعلقہ موکلات عامل یا صاحب عمل کی حفاظت کرتے ہیں۔ اعمال جلالی، اعمال جفر یا موکل عملیات میں حصار لازمی قرار دیا گیا ہے۔ موکلات یا مخفی قوتوں کے ہر حربے سے بچنا صرف حصار سے ہی ممکن ہے۔ اس کے علاوہ بعض اوقات مسافت، جنگلی جانوروں، چوروں، آتشی و آبی خطرات، دشمنان کے خوف سے حفاظت کیلئے بھی حصار کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔ حصار کرنے سے عامل کی دل کو یقین و تسلی مل جاتی ہے۔ کتاب اسرار حروف صوامت کو مدنظر رکھ کر یہاں کچھ مجرب حصار پیش کر دیتا ہوں۔ تاکہ حروف صوامت کے نحس اثرات و رجعت ہونے سے بچا جائے حروف صوامت کی رجعت بھی بڑی ہی خطرناک ہوتی ہے۔ اس لئے حصار لازمی کیا کریں۔

حصار نمبر 1:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم، آگے محمدؐ، پیچھے محمدؐ۔ سیدھے ہاتھ کو حضرت امام حسنؓ۔ اور الٹے ہاتھ کو حضرت امام حسینؓ۔

کلید داؤد ۔ قفل سلیمان ۔ پیغمبر نگہبان پاک ذات ۔ لاالہ اللہ محمد رسول اللہ یا حفظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یاوکیل یا اللہ یا اللہ علیقا ملیقا خالقاً مخلوقاً کافیاً شافعاً مرتضیٰ ۔ بحق یا بدوح و ننزل من القران ماھو شفاء و رحمة للمومنین ماہ لو ساور ضاتن دو دعوة رد بلية در رجال الغيب بحق جناب حضرت محمد ﷺ کھلا کھلا ارحم ارحم ترحم عقد تم عقد تم فرفلیس یا اللہ کو سلیمان بن دائود علیہ اسلام بندشو بند شو بند شو۔

ترکیب :۔ یہ حصار ہر عمل میں کام آتا ہے۔ اس حصار کو زبانی یاد کرلیں۔ اگر ایک جلسہ میں چالیس ہزار دفعہ پڑھے ۔ اور مکمل ترک حیوانات ۔ پرہیز جلالی جمالی وغیرہ تو اس حصار کے عامل ہو جائیں گے۔ بوقت ضرورت اس حصار کو قائم کریں۔ اس حصار کو عزیز رکھنا چاہیے۔

حصار نمبر 2:۔ حصار بدنی:۔ یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ بحق کھیعص حم عسق میں نے اپنے آپ کو حرز کی لا الہ الا اللہ سے میں نے اپنا حصار کیا محمد رسول اللہ سے۔

ترکیب:۔ مندرجہ بالا حصار بدنی کو تین دفعہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے۔ کوئی بھی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ رجعت نہ ہوگی۔

حصار نمبر 3:۔ فریاد فریاد فریاد بدرگاہ تو بدستی مصطفیٰ ﷺ و بدستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم و حسن مجتبےٰ و حسین شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم برا دصرام رسال بعد میں ایک بار آیۃ الکرسی اور چاروں قل تین تین بار پڑھ کر اپنے گرد حصار کریں۔ یعنی ہر طرف منہ کر کے دم کر دے اور کلمہ کی انگلی پر دم کر کے اپنے گرد حصار کریں۔

نوٹ :۔ یہ حصار ہر قسم اعمال کے علاوہ دشمن کے خطرے۔ دشمن جان ہو یا ایمان دشمن درندے ہوں یا انسان سحر جادو آسیب وغیرہ سے ہر حال میں حفاظت ہوگی۔

حصار نمبر 4:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ کا کوٹ الا اللہ کی کھائی شاہ مردان کی چوکی بحق محمد مصطفیٰ ﷺ کی دھائی۔

ترکیب :۔ تین دفعہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلی شہادت پر دم کر کے سر کے اوپر سے انگلی گھما کر تین دفعہ دونوں ہاتھوں سے تالی بجائے۔ جہاں تک تالی کی آواز جائے گا وہاں تک حصار قائم ہو جائے گا۔ یہ حصار جنگل سفر ہر آفت و دشمن سے حفاظت کرے گا۔ ہر اعمال میں مضبوط قلعہ ہے۔

حصار نمبر 5:۔ لا الہ الا اللہ ہر جا نشین۔ محمد رسول اللہ ﷺ برز بالش عصائے کلیم اللہ در جگرش۔ و مہر حضرت سلیمانؑ بر دھانش۔

ترکیب :۔ ۲۱ دفعہ یا کم سے کم ۳ دفعہ پڑھ کر سارے بدن پر دم کر کے ظالم جابر کے سامنے بےدھڑک چلا جائے کامیابی ہوگی۔ اور ظلم جابر سے حفاظت ہوگی۔

حصار نمبر 6:۔ حفاظت برائے مکان

حصار: نو دعہ حصار، ستر حصار، ساٹھ کوٹ، باون تکوار۔ گل کھائی۔ اگن پچھلی کھائی، اگن پچھلی کھائی چون کرتا۔ ایک سوا لکھ اتیار۔ اس مکان کے کت کے پنڈ کی کریں رکھوالی۔ ترکیب: ۴ عدد سر شف ۴ عدد آہنی کیل لیں۔ سر شفوں پر ۱۱۱ دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ اور آہنی کیلوں پر ۷ دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ اب سر شفوں اور آہنی کیلوں کو ایک ایک کر کے مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ اور تھوڑا تھوڑا چھڑک دیں۔ مکان ہر خطرات سے حفاظت میں رہے گا۔

امجد نیوز ایجنسی تحصیل و ضلع قصور کوٹ رادھا کشن ۔ 0300-8822492 0300-4992290 ادارہ روحانیات

روحانی علاج

تحریر: بابا صدف انبالوی (ملتان)

ہر حاجت کیلئے

تا ور جتنے بھی حروف مقطعات قرآن شریف میں ہیں ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے تو انشاءاللہ سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر و خوبی سے بسر ہوگی۔

نظر بد کیلئے

وَاِن یَّکَادُ الَّذِینَ کَفَرُو لَیُزلِقُونَكَ بِاَبصَارِھِم لَمَّا سَمِعُوا الذِّکرَ وَیَقُولُونَ اِنَّہٗ لَمَجنُونٌ ۝ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکرٌ لِّلعٰلَمِینَ ۝

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا ہے کہ نظر بد کے لیے مفید ہے۔

ہر مشکل کیلئے

فَقُلتُ استَغفِرُوا رَبَّکُم اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا ۝ یُرسِلِ السَّمَآءَ عَلَیکُم مِّدرَارًا ۝ وَّیُمدِدکُم بِاَموَالٍ وَّبَنِینَ وَیَجعَل لَّکُم جَنّٰتٍ وَّیَجعَل لَّکُم اَنھٰرًا ۝

چند شخص حضرت حسن بصریؒ کے پاس آئے کسی نے پانی نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کے لیے کہا آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو۔ ایک شخص نے پوچھا کہ یا حضرت اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کو استغفار ہی کے لیے کہا اور فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی کو ارشاد فرمایا اور اگر پوری سورہ نوح سوتے وقت پڑھ لی جائے تو احتلام سے محفوظ رہے گا۔

آسیب کیلئے

پوری سورہ جن

جس پر آسیب آتا ہو اس پر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر بازو پر باندھے تو انشاءاللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا۔

کشائش رزق کیلئے

پوری سورہ مزمل

کشائش رزق کیلئے بہت مفید ہے اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا مُغنِیُ پڑھے بعد گیارہ سورہ مزمل کو پڑھے اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے جو اس عمل کو کرے گا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی طرح طرح کی امداد فرمائے گا۔

عمل کی رجعت سے محفوظ

پوری سورہ عَبَسَ وَتَوَلّٰی

جو کسی عمل کو کرتے وقت اس سورت کو پڑھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہے گا۔

ولادت بآسانی

اِذَا السَّمَآءُ انشَقَّت ۝ وَاَذِنَت لِرَبِّھَا وَحُقَّت ۝ وَاِذَا الاَرضُ مُدَّت ۝ وَاَلقَت مَا فِیھَا وَتَخَلَّت ۝

ان آیتوں کو لکھ کر ولادت کی آسانی کیلئے بائیں ران میں باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ ولادت بآسانی ہوگی مگر بعد ولادت تعویز کو فوراً کھول دیں اور اسی عورت کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید ولادت ہے۔

بصارت میں کمی نہ ہو

پوری سورہ اِنَّا اَنزَلنٰہُ

جو شخص وضو کے بعد آسمان کی طرف نظر کر کے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کی بصارت میں کمی نہ ہوگی۔

آدھا قرآن کا ثواب

پوری سُورَۃ اِذَا زُلزِلَت

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص اس سورت کو پڑھ لے تو آدھا قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

آپ کا اسم اعظم

تحریر از :۔ شوکت علی بزدار

بہنو بھائیوں بزرگو اور تحفہ روحانیات کے تمام قارئینوں کو میری طرف سے السلام علیکم!

لاکھ شکر اس پروردگار کے جس کے سایہ سے یہ دنیا چل رہی ہے۔ وہی ہمارے لئے روزانہ روزی کا بندوبست کرتا ہے' جس کی ذمہ داری ہے کہ ہر مخلوق کو روزی پہنچائے وہ ہی جو ہماری حفاظت ہر موڑ پر کرتا ہے۔

جس کا ہر اسم اعظم ''پرتاثیر'' طاقت رکھتا ہے۔ جو پتھر کو بھی ریزہ ریزہ کر دیتا ہے۔ صرف ہمارے ایمان کی طاقت ہونی چاہیے۔

ویسے تحفہ روحانیات کی ہر تحریر تحفہ سے کم نہیں مگر آج کی محفل میں مادہ پرست مایوس جو ہمیشہ ناکامی کا شکوہ کرتے رہتے ہیں ان افراد کے لیے نایاب تحفہ اسم اعظم کا لے کر حاضر ہوا ہوں جو میرے تجربے سے گزر چکا ہے۔

تمام افراد کو دعوت دیتا ہوں کہ اپنے اسم اعظم سے اپنی مشکلوں کا حل نکالیں۔ بھلے کتنی بڑی مشکل کیوں نہ ہو مصرف عملیات کے قائدہ کا خیال کرتے ہوئے ان باتوں کا خیال رکھیں زبان سے جھوٹ نہ نکلے' زبان سے غیبت نہ نکلے' آنکھ گناہ نہ دیکھیں' کان گناہ کے الفاظ نہ سنیں' پیاس اور ایسی غذا جو منہ میں بدبو کرے اس کا استعمال نہیں کریں ایک ہی قسم روٹی حلال کی کمائی سے کھائے' ایسی جگہ استعمال کریں جہاں لوگوں کی آمدورفت کم ہو جو افراد یہ سب پرہیز کر سکتے ہیں ان افراد کی کامیابی کے لئے صرف میں اتنا کہہ سکتا ہوں کہ اگر کامیابی نہ ملے تو آخرت میں میرا گریبان اور آپ کے ہاتھ ہونگے۔

اب آیئے میں ''اسم اعظم'' کا طریقہ بتاتا ہوں۔

پہلے نام اپنے کے قصری اعداد نکالیں

مثال کے طور پر ایک نام فرمان علی جس کے ہم اعداد نکالیں گے۔

ف ر م ا ن ع ل ی

481=10+30+70+50+1+4+200+80

اس حساب سے ہم ایسا اسم اعظم چنیں گے جس کے اعداد بھی **481** ہوں اگر ایک اسم اعظم نہیں ملتا تو دو اسم اعظم ملا کر ہم اسم اعظم بنائیں گے مثال کے طور پر فرمان علی کا ایک اسم اعظم نہیں مل رہا تو ہم دو اسم ملا کر ''یا مالک یا شافع'' بنائینگے میں نے کھول کر سمجھا دیا ہے پھر بھی کوئی بات یا اسم اعظم سمجھ میں نہ آئے تو ادارہ روحانیات سے ضرور معلومات اور اجازت حاصل کریں۔ آخر میں آپ سب سے عرض ہے کہ مجھ ناچیز کے لے دعا اور دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں خداوند کریم ہم سب کی مشکلیں آسان فرمائے۔ صدقے اہل بیت کے۔

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مقدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کاروباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں ''**لوح ہمزاد**'' بنوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد ہمارا خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **2100** روپے منی آرڈر کریں۔

Scanned with CamScanner

نقش و عمل الرجی

صدری مجرب

از تحریر:۔ علامہ مفتی طالب حسین کرمانی (چک مغل)

قارئین کرام! اس کے بیشمار فوائد ہیں مگر میں اس کے چند فوائد آپکی خدمت اقدس میں پیش کر رہا ہوں امید ہے کو ضرورت مند دوست اس سے ضرور مستفید ہونگے۔

(1) بعض اوقات جس کے اندر کسی خاص دوائی دھواں، گرد، خوشبو یا خوراک کے کسی جز کیلئے غیر معمولی حساسیت پیدا ہو جاتی ہے اس غیر معمولی حساسیت کو ایلرجی کہتے ہیں جب مریض ایسی چیز جس کیلئے اسے ایلرجی یعنی غیر معمولی حساسیت ہو کھائے یا سونگھے یا جسم کو لگائے اس کے جسم میں ایک غیر معمولی ردعمل پیدا ہوتا ہے اس غیر معمولی ردعمل کو ایلرجک ری ایکشن کہتے ہیں اس ردعمل میں مندرجہ ذیل علامات دیکھی جاسکتی ہیں (1) سانس گھٹتا ہے (2) دھپر پڑ جاتے ہیں (3) چھینکیں آتی ہیں (4) آنکھوں سے اور ناک سے پانی چلنے لگتا ہے (5) سانس گھٹتا ہے (6) کھانسی آتی ہے (7) سانس رکتا ہے (8) دل گھٹتا ہے (9) بلڈ پریشر یک لخت گر جاتا ہے (10) نبض تیز ہو جاتی ہے (11) اگر ردعمل تیز اور شدید ہو تو سانس رک جانے اور بلڈ پریشر گر جانے سے بیہوش ہو کر موت واقع ہو سکتی ہے ایلرجک ری ایکشن تقریباً ہر قسم کی چیز سے ہو سکتا ہے اور کئی قسم کی بیماریاں ایلرجی کی وجہ سے ہوتی ہے عموماً ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص عرصہ تک بے خوف و خطر کوئی دوا عرصہ سے استعمال کر رہا ہوتا ہے کہ اچانک کسی دن یک لخت ایلرجی اور اس کا ردعمل ظاہر ہو جاتا ہے پہلا ردعمل عام طور پر اتنا شدید نہیں ہوتا لیکن اگر دوبارہ وہی ایلرجی پیدا کرنے والی دوائی یا خوراک استعمال کی جائے تو ایلرجک ردعمل زیادہ شدید ہوتا ہے اور آئندہ یہ موقع پر شدید تر ہوتا جاتا ہے اس لئے ایسی دوائی یا خوراک یا خوشبو کو بند کر دینا چاہئے اور بھول کر بھی استعمال نہیں کرنا چاہئے بعض اوقات کسی خاص خضاب سے ایلرجی ہو جاتی ہے۔ اور جب وہی خضاب دوبارہ استعمال کیا جائے تو سارا سر پھول جاتا ہے پانی بہنے لگتا ہے خارش ہوتی ہے اور ایکزیما ہو جاتا ہے ٹیکوں کا ایلرجک ری ایکشن عموماً بہت شدید ہوتا ہے اور بعض اوقات علاج کی مہلت بھی نہیں ملتی اور مریض کے عموماً فوراً بیہوش ہو جانے سے موت واقع ہو سکتی ہے اس لئے ٹیکہ لگاتے وقت ایلرجک ری ایکشن کے علاج کے لئے مناسب ادویات پاس ہی موجود رہنی چاہئیں۔

علاج

(i) ایڈرینالین انجکشن فوری طور پر 1/4 سی سی کا ٹیکہ لگا کر ٹیکے کے مقام کو ملیں تا کہ دوائی جلد جزب ہو اگر مریض بیہوش ہو گیا ہو تو مصنوعی سانس دلانے کے لئے سینے کو بار بار دبائیں اور دوران خون کو تیز کرنے کیلئے جسم کو اور ٹانگوں کو ملیں دل کی حرکت شروع کرنے کیلئے پیٹ کو زور سے دبائیں ناک میں ایمونیم کاربونیٹ سونگھائیں اگر اثر ظاہر نہ ہو تو 1/4 سی سی ایڈرینالین کا ٹیکہ پھر پانچ منٹ کے وقفے پر لگائیں ایسی حالت میں ایڈرینالین کی زیادتی کا کوئی خطرہ نہیں ہوتا بلکہ مریض کی جان بچ جاتی ہے۔

(ii) اے ویل انجکشن 50 ملی گرام ایڈرینالین کے ساتھ ہی یہ ٹیکہ بھی لگائیں علامتیں برقرار رہیں تو پھر لگا دیں۔

(iii) بیٹنی سول انجکشن اگر ری ایکشن سخت ہو تو یہ ٹیکہ بھی لگا دیں اسے بھی دہرایا جاسکتا ہے۔

(iv) کوراہن انجکشن (نکتھے مائیڈ) کولیپس روکنے کیلئے یہ ٹیکہ بھی حسب ضرورت لگائیں۔

(v) جب مریض ہوش میں آجائے تو پھرسٹی مولینٹ پکچر ایک خوراک پلائیں اور پری ٹن کی گولی ہر تین گھنٹے بعد کھانے کو دیں سب سے ضروری دوائی اس علاج میں ایڈرینالین کا انجکشن ہوتی ہے۔ جس کو بس منٹ بعد 1/4 سی سی مقدار میں لگائیں اگر شدید ردعمل میں شروع ہیں فوری طور پر ایڈرینالین کا ٹیکہ نہ لگایا جاسکے تو پھر مریض کی جان بچانی انتہائی مشکل ہو جاتی ہے۔

نقش و عمل

ایلرجی والے کو یہ عمل ایک سو ایک بار روزانہ سات مساجد کے پانیوں پر پڑھ کر پلائیں اور اس نقش کو لکھ کر دیں مرد ہے تو موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو گلے میں لٹکائے (انشاءاللہ) ایلرجی سے فوراً شفا ہوگی۔

عمل:۔ یا یھا النمل دخلوا مسکنکم لا یحطمنکم سلیمن وجنودہ وھم لا یشعرون

ترجمہ:۔ اے چیونٹیو! اپنے گھروں میں داخل ہو جاؤ تمہیں کچل نہ ڈالیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں کنزالایمان پ 19 سورۃ النمل آیت 18 ہند سے چال کیلئے ہیں۔

ادارہ روحانیات
خصوصی ممبر شپ حاصل کرنے کیلئے اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0300-6351192

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انمل ۲	وجنودہ ۷	سلیمن ۶
لایشعرون ۹	لالحطمنکم ۵	یایہا ۱
مسکنکم ۴	ادخلوا ۳	وھم ۸

الٰھی بحرمت این نقش مکرم معظم این فلاں بن یا بنت فلاں صحت بخش ایلرجی دفع شود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند

ایلرجک زکام

یہ زکام ایلرجی کی وجہ سے ہوتا ہے ایلرجی عام طور پر گرد و غبار کی وجہ سے ہوتی ہے بعض لوگوں کو خوراک کے کسی جز کی ایلرجی بھی ہو سکتی ہے اس زکام کی پہچان یہ ہے کہ یہ اچانک شروع ہوتا ہے اچانک بیشمار چھینکیں آنے لگتی ہیں ناک میں کھجلی اٹھتی ہے اور پتلا پانی بہنے لگتا ہے اس کے بعد زکام کی باقی علامات شروع ہو جاتی ہیں ایلرجک زکام اکثر بار بار ہوتا رہتا ہے جب تک ایلرجی پیدا کرنے والی چیز سے چھٹکارا حاصل نہ ہو زکام پیچھا نہیں چھوڑتا اگر مخصوص گرد و غبار یا آب و ہوا یا خوراک اس کا باعث بن رہی ہو تو اسے تبدیل کر دینا چاہئے یعنی وہ خوراک یا وہ علاقہ یا وہ پیشہ چھوڑ دینا چاہئے۔

علاج:۔ (i) اسٹی ڈال (میب ہائیڈ رولین) گولیاں انجکشن ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔

(ii) ٹی نوکس نیزل ڈراپس۔ یا کر بندیدہ بلاک ہوتا ہو تو ناک میں لیٹ کر دونوں طرف ڈلوائیں۔

(iii) ایکٹی فیڈ ڈی ایم گولیاں ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام۔

(iv) اریتھرومن گولیاں 500 ملی گرام ایک گولی صبح ایک شام اگر بہت بخار معلوم ہوتا ہو۔

(v) کان ٹیک کیپسول۔ ایک صبح ایک شام اگر ناک بار بار بہتی ہو اور چھینکیں تنگ کرتی ہوں۔

(vi) ایڈار ایک گولیاں۔ اگر سر میں درد بھی پریشان کرے دو ایک گولیاں دن میں دو تین دفعہ۔

ناک بند ہونا

ناک اکثر زکام کی وجہ سے بند ہوتی ہے بار بار زکام لگنے یا ناک میں ایلرجی کی وجہ سے پانی پانی ہو جانے سے بھی ناک بند ہو جاتی ہے ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہونے سے زکام زیادہ لگتا ہے اور ناک بند رہنے لگتی ہے ایڈی نائیڈز کی وجہ سے بھی ناک بند ہو جاتی ہے چھوٹے بچے ناک بند ہونے کی وجہ سے دودھ نہیں پیتے نیند نہیں کرتے بار بار کروٹیں بدلتے ہیں اور اوپر سے کپڑا اتار دیتے ہیں۔

علاج

ویزی لاکس نیزل ڈراپس یہ قطرے ناک کھولنے کیلئے ناک میں ڈالیں یہ چھوٹے بچوں میں بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں بڑوں میں ٹی نوکس (فینائل ایفرین) ڈراپس بہتر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یایہا	انمل	ادخلوا	مسکنکم
مسکنکم	ادخلوا	انمل	یایہا
انمل	یایہا	مسکنکم	ادخلوا
ادخلوا	مسکنکم	یایہا	انمل

جلد کی بیماریاں

جلدی بیماریوں کی مختلف وجوہات ہوتی ہیں بعض بیماریاں جراثیمی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً پھنسیاں، پھوڑے اور ایپے ٹائیگو وغیرہ بعض بیماریاں مختلف قسم کی پھپھوندیوں کی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہیں مثلاً دھدر یعنی رنگ ورم وغیرہ کئی بیماریاں ایلرجی کی وجہ سے ہوتی ہیں جن میں مشہد و معروف بیماری ایکزیما یعنی چھاجن کی مثال پیش کی جا سکتی ہے کئی جلدی امراض ایسے بھی ہیں جن کی وجہ ابھی تک معلوم نہیں کی جا سکی مثلاً چنبل یعنی سورائے سز، برص وغیرہ اب ان میں سے مشہور جلدی امراض کا علیحدہ علیحدہ میں ذکر کروں گا۔

(i) ایپے ٹائیگو

یہ ایک جلدی بیماری ہے جو کہ جراثیمی چھوت کی وجہ سے ہوتی ہے یہ جراثیمی سرایت عام طور پر سٹے فیلو کا کائی جراثیموں کی وجہ سے ہوتی ہے پہلے جلد سرخ اور متورم ہو جاتی ہے پھر چھوٹے چھوٹے چھالے بنتے ہیں جن سے پانی یا پیپ نکل کر جستار ہتا ہے اور چھلکا سا بن جاتا ہے۔ جہاں جہاں گندا پانی لگتا ہے جلد خراب ہوتی جاتی ہے چھوٹے بچوں کی یہ بیماری زیادہ تر منہ سر اور گردن پر ہوتی ہے اس بیماری میں جلد دکھتی ہے اور بعض ہلکا یا تیز بخار بھی ہو جاتا ہے ملحقہ غدود عموماً متورم ہو جاتے ہیں۔

علاج

(i) ڈرمو ویٹ این این مرہم صبح دوپہر شام مقامی طور پر دن میں تین دفعہ لگائیں یا جنشن وائیلیٹ ایک فی صد مقامی طور پر لگائیں۔

(ii) سلفاڈایازین 2 گولیاں ہر چھ گھنٹے بعد بچوں کو حسب عمر کم اس بیماری کو بھی اوپر والے نقش و عمل استعمال فرمائیں انشاء اللہ ایلرجی شفاء ہوگی۔

تقویم سیارگان 2001ء تا 2050ء فوٹو کاپی منگوانے کیلئے قیمت 2000 روپے منی آرڈر کریں۔ ☆ **تقویم سیارگان** 1900ء تا 2000ء فوٹو کاپی منگوانے کیلئے قیمت 1000 روپے منی آرڈر کریں۔ (ادارہ)

عقد القلب صدر مجرب

تحریر
علامہ مفتی
طالب حسین
کرمانی
چک مغل

قارئین کرام اگر کسی کی عقد القلب کرنی مقصود ہو تو اس نقش کو باوضو کامل ! بیض قرطاس پر اسود مراد سے قمر در عقرب میں ساعت زحل میں منہ میں موم رکھ کر یہ دو عدد نقش لکھیں ایک کو کسی اندھیری پاک کوٹھری میں وزن کے نیچے دیں اور مطلوب کے وزن سے دوگنا وزن زیادہ ہو اور دوسرا طالب اپنے داہنے بازو میں موم جامہ کر کے پہنے انشاء اللہ فوراً عقد القلب ہوگی اگر طالبہ عورت ہے تو نقش گلے میں پہنے۔

پ۱۰ سورۃ التوبہ آیت ۹۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باجبرائیل — بامیکائیل

وطبع	الله	علی	قلوبهم
الله	علی	قلوبهم	فهم
علی	قلوبهم	فهم	لا یعلمون

باسرافیل — باعزرائیل

الھی بحرمۃ ایں نقش مکرم معظم ایں عقد الاالقلب مطلوب فلاں بن یا بنت فلاں بستم بطن و احساس ظاہری و باطنی بقدر سود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند۔

عقد اللسان صدری مجرب

اگر کسی کی زباں بندی کرنی مقصود ہو تو اس نقش کو باوضو کامل سفید قرطاس پر مراد اسود سے ساعت زحل میں اگر در عقرب ہو تو بہت بہتر ہے منہ میں موم رکھ کر ھذا نقش دو عدد تحریر فرمائیں اپنے گلے یا داہنے بازو میں موم جامہ کر کے پہنیں اور دوسرا نقش کسی شیشی میں ڈال کر اوپر سے ڈھکنا دے کر پاک زمین میں دفن کر دیں انشاء اللہ فوراً زباں بندی ہوگی۔

پ۹ سورۃ الانفال آیات ۲۰ تا ۲۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باجبرائیل — بامیکائیل

ولا	تکونوا	کالذین	قابوا	سمعنا	وهم	لایسمعون
تکونوا	کالذین	قالوا	سمعنا	وهم	لایسمعون	ان
کالذین	الوا	سمعنا	وهم	لایسمعون	ان	شرالدواب
قالوا	سمعنا	وهم	لایسمعون	ان	شرالدواب	عندالله
سمعنا	وهم	لایسمعون	ان	شرالدواب	عندالله	العم البکم
وهم	لایسمعون	ان	شرالدواب	عندالله	العم البکم	الذین
لایسمعون	ان	شرالدواب	عندالله	العم البکم	الذین	لایعقلون

باسرافیل — باعزرائیل

الھی بحرمۃ ایں نقش مکرم ممعظم لسان مطلوب الحب فلاں بن یا بنت فلاں علے حب فلاں بنت یا بن فلاں بستم عقل و ہوش و عقد اللسان کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند۔

زباں بندی مجرب صدری

اگر کسی کی زبان بندی کرنی ہو تو اس رقعہ کو باوضو کامل بروج منقلب میں یعنی حمل یا سرطان یا میزان یا جدی مہینوں میں سے کسی مہینے کے آخری ہفتہ کی ساعت زحل میں منہ میں موم رکھ کر سفید کاغذ پر ایک تعویز لکھیں اور اپنے گلے میں پہنیں انشاء اللہ فوراً زباں بندی ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باجبرائیل — بامیکائیل

ومنهم	الصمع	الیک	لایبصزون
افانت	ولوکانول	من یستمعون	تسمع
الصمع	ومنهم	لایبصرون	الیک
ولوکانوا	افانت	تسمع	من یستمعون

باسرافیل — باعزرائیل

الھی بحرمۃ ایں نقش مکرم معظم لسان مطلوب الحب فلاں بن فلاں وفی الفاں علے حب فلاں بنت فلاں بستم عقد اللسان عقل و ہوش بطن و احساس ظاہری باطنی کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چہ کند عقد الازن مجرب صدری۔

اگر کسی کی زباں بندی یا نظر بندی یا کان بندی کرنی مقصود ہو تو اس نقش کو باوضو کامل قمر کے آخری ایام میں بروج منقلبین بروز سنیچر ساعت زحل یا مریخ میں منہ میں موم رکھ کر سفید قرطاس پر کالی سیاہی سے لکھیں اگر قمر در عقرب ہو تو بہت بہتر ہے دو نقش لکھیں ایک نقش مطلوب کو سادہ پانی میں پلائیں اور دوسرا تعویز طالب اپنے داہنے بازو میں موم جامہ کر کے پہنے انشاء اللہ آ کا نیک مقصد پورا ہوگا۔ پ۱۴ سورۃ نحل آیت ۱۰۸۔

حافظ بک ڈپو' بلاک نمبر 1' سرگودھا 0301-6769691
ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

اعمال و تعویزات برائے مجربات محبت

قارئین کرام! میں چند اعمال ونقوش محبت کیلئے مجرب آپ کی خدمت میں پیش کرر ہاہوں امید ہے کہ ضرورت مند عزیز اس سے ضرور مستفید ہونگے۔

(1) محمد بن علی اکبر عطاری تبریزی اپنی فارسی کی کتاب در علم جفر صفحہ نمبر 156 میں لکھتے ہیں کہ۔ برائے محبت شدید۔ برمد جملیش جملیش شیش مع مطلوب اوراس کی والدہ کے نام ان کو آتش میں جلائیں جلاتے وقت یہ عزیمت پڑھیں۔

عَزمتُ عَلَیکمُ یااسرَافِیلُ وَیادُو بَانِیلُ یَارُوبَانیلُ یاَسَر خَاکِیلُ یاَاَردَائِیلُ بِحَولِ اللّٰہِ وَتُوَّتِه وَاَقسَمتُ عَلَیکُم بِعِزِّ اللّٰہِ وَبِنُورِ وَجهِ اللّٰہِ وَبِحَقِّ رُوحَالِیتَکم اَطِیعُونِی وَسَخِرلِی قَلبَ فُلاں ابنِ فُلاں ۔ یہ تجربہ شدہ ہے۔

(2) الحکیم ہرمس الہر امسہ اپنے عربی رسالے هِبَةُ المُنَانِ فِی تَسخِیرِ ملوك الجان مکتبة القاهرة صفحہ نمبر 9 میں لکھتے ہیں کہ۔

جب آپ کا ارادہ اس عمل کے کرنے کا ہوتو آپ اس کو ایک کوری شفقة یعنی ٹھیکری پر لکھیں مثلاً شفقة کدھوگھیا کی طرح صاف ہو آپ اس کو آگ کے نیچے دفن کریں اور آپ کا مطلوب حاضر ہوکر آپ سے محبت کرے گا۔ عمل یہ ہے۔

شروع سورۃ بروج سے لیکر الحریق تک (یعنی پہلی دس آیات) أَنَّه صَحِیحُ بیشک یہ عمل صحیح ہے۔

(3) ھبۃ المنان فی تسخیر ملوک الجان صفحہ نمبر تسعہ میں ہے کہ نابالغ بچے کی کف (ھتھیلی) پرلکھیں اور آپ کا عزم یہی (محبت) کا ہو عزیمۃ یہ ہے۔

طَ یش ۳ ط بوش ۳ قلبوش ۳ قلموس ۳ ایش ۳ طمش ۳ انه من سلیمان وانه الی العلمون اجب یامیبون شنی هذا الکوز الوحا العجل اساعة بَارَكَ اللّٰه فِیکُم وَعَلَیکمُ مجرب صحیح۔

(4) آپ کا ارادہ زوجین کے درمیان محبت کرانے کا ہوتو آپ ایک خیط (دھاگہ) خاوند کے لباس سے لیں اور ایک دھاگہ بیوی کے کپڑوں سے لیں ان دونوں دھاگوں کو آپس میں اَفتَلِهِم یعنی بٹیں اور آپ کسی نیک ساعت میں یہ پڑھیں۔

بسم الله الرحمن الرحیم

یاجبرائیل — یامیکائیل

اولئک	الذین	طبع	الله	علی	قلوبهم
الذین	طبع	الله	علی	قلوبهم	وسمعهم
طبع	الله	علی	قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم
الله	علی	قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم	واولئک
علی	قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم	واولیک	هم
قلوبهم	وسمعهم	وابصارهم	واولئک	هم	الغفلون

یااسرائیل — یاعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم معظم لسان مطلوب الحب فلاں بن یا بنت فلاں ملے حب فلاں بنت یا بن فلاں بستم عقد اللسان و عقد الازن والسماع دل و قلب عقل و ہوش بطن و احساس ظاہری و باطنی کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چه کند۔

عقد الازن و عقدالبصر مجرب صدری

اگر کسی کی سماعت یا بصارت کی بندش کرنی مقصود ہوتو اس نقش کو باوضو کامل قمر در عقرب بروز ہفتہ یا منگل بروج منقلبین ساعت زحل یا مریخ میں سفید قرطاس پر اسود سیاہی سے منہ میں موم رکھ کر یہ نقش تین عدد لکھیں ایک شیشی میں ڈال کر اوپر سے ڈھکنا دیکر کسی پاک اندھیری کوٹھڑی میں دفن کریں اور دوسرا نقش مطلوب کو پلائیں اور تیسرا نقش طالب اپنے گلے میں موم جامہ کر کے پہنے انشاء اللہ جلدی آپ کا مقصد پورا ہوگا۔ ۱۶ سورۃ مریم آیت ۳۸۔

بسم الله الرحمن الرحیم

یاجبرائیل — یامیکائیل

اسمع بهم	وابصر	یوم	یاتوننا
یاتوننا	یوم	وابصر	اسمع بهم
وابصر	اسمع بهم	یاتوننا	یوم
یوم	یاتوننا	اسمع بهم	وابصر

یااسرائیل — یاعزرائیل

الهی بحرمة ایں نقش مکرم معظم لسان مطلوب فلاں بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں ستم عقد اللسان وعقد الازن وعقد البصر ہوش و ہواس و عقل و دماغ دل و قلب بند شود کند خدائے تعالیٰ کند بندہ عاجز چه کند۔

ادارہ روحانیات
شمع بکڈپو بھوانہ بازار فیصل آباد 0333-9911500

وَاعتَصِمُوا بِحَبلِ اللّٰهِ جَمِيعاً وَّلَا تَفَرَّقُوا وَاذكُرُوانِعمَةَ اللّٰهِ عَلَيكُمُ إذكُنتُم أعداءً فَأَلَّفَ بَينَ قُلُوبِكُم فَأَصبَحتُم بِنِعمَتِهٖ أخوَاناً يَاأَيُّهَاالنَّاسُ إنَّا خَلَقنٰكُم مِن ذَكَرٍ وَّأُنثٰى وَجَعَلنٰكُم شُعُوباً وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا انَّ اكرَمَكُم عِندَاللّٰهِ اَتقٰكُم انَّ اللّٰه عَلِيمٌ خَبِيرٌ۔

اَللّٰهُمَّ اَلِّف بَينَهُم كَمَا اَلَّفتَ بَينَ سَيِّدنَا مُوسٰى وَهَارُونَ وَاَلِّف بَينَهُم كَمَا اَلَّفتَ بَينَ سَيِّدنَا جبرِيل وَمِيكَائِيلَ اَللّٰهُمَّ اَلِّف بَينَ فُلَان ابنِ فُلَانَة كَمَا اَلَّفتَ بِحَقِّ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ اَصلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرعُهَا فِى السَّمَآءِ تُؤتِى اُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِاِذنِ رَبِّهَا وَيَضرِبُ اللّٰهُ الاَمثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُم يَتَذَكَّرُونَ۔ اس کوایک مرتبہ پڑھ کر گنڈے پرایک گرہ لگائیں اس طرح سات گرہ لگائیں اس گنڈے پر بخور لبان کی دھونی دیں اس گنڈے کو طالب اپنے گلے میں پہنے بحصل المطلوب یعنی مطلوب حاصل ہوگا۔ مجرب صحیح

(5) اس کو لکھیں جمعہ کے دن سورج کے طلوع میں ایک ورقہ پر اس کو حرکت دیں اپنی مرضی کے مطابق سر کے اوپر پس بیشک اس کی محبت شدید آپ سے ہوگی۔ یعنی وہ مطلوب آپ سے بہت شدید محبت کرے گا۔

لوح ہمزاد

بدقسمتی اور سیارگان کی گردش کی وجہ سے آپ کے ہر کام میں رکاوٹ ہو بنا بنایا کام عین وقت پر بگڑ جاتا ہو یا آپ اپنے آپ کو دُنیا کا بدقسمت ترین شخص تصور کرتے ہوں۔ مقدمہ بازی کی وجہ سے پریشان ہیں یا دشمنوں کے غلبہ کی وجہ سے زبان نہیں کھول سکتے۔ گھر میں بیماریاں ہیں یا آسیب یا تعویزات کے اثرات کاروباری بندش ہے یا بے برکتی یا پھر بے روزگاری کا شکار ہیں۔ قرض ادا نہ ہوتا ہو یا گھر میں لڑائی جھگڑا اس قدر ہو کہ گھر جنت کی بجائے جہنم لگتا ہو۔ نکاح کی بندش ہو یا کسی بھی قسم کے جادو کے اثرات ہوں" **لوح ہمزاد** "بنوا کر پاس رکھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے آپ کا ہمزاد حاضر ہو کر آپکے کاموں میں غیبی طور پر مدد کر رہا ہوتا ہے یہ غیبی طاقت اس لوح کے پاس رکھنے کی وجہ سے حیرت انگیز طور پر آپ کی راہنمائی کرتی ہے اور وہ مسائل یا پریشانیاں جو آپ کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لوح کے اثرات کبھی ضائع نہیں ہوتے۔ پرائز بانڈ کے نمبروں کے شائقین حضرات کے لئے یہ ایک لاجواب تحفہ ہے۔ جس کے ذریعے اُن کا ہمزاد غیبی طور پر نمبروں کے بتانے کے سلسلہ میں اُن کی مدد کرتا ہے یہ ایک معجزاتی لوح ہے۔ لوح ہمزاد ہمارا خاندانی صدیوں پرانا عمل ہے اس کرشماتی معجزہ کو آزمانے کے لئے اپنی مشکلات مفصل طور پر لکھیں اور لوح کا ہدیہ **2100** روپے منی آرڈر کریں۔

حاضری تسخیر محبوب

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

حاضری تسخیر محبوب کا یہ خاص عمل ہے جس کو کئی بار آزمایا جا چکا ہے۔ ایک خاتون جس کا شوہر ناراض ہو کر گھر سے چلا گیا۔ ایک لڑکی جو کہ کسی سے شدید محبت کرتی تھی اُس سے شادی کی خواہش مند تھی مگر وہ شخص اُس کی جانب توجہ نہ دیتا تھا ایسے ہی ایک دوست جس کی بیوی انتقال کر گئی اور وہ اپنی بیوی سے شدید محبت کرتا تھا اُس کی روح کی حاضری کیلئے اس عمل کو دیا گیا تمام خواہشمند حضرات کو اس عمل کے اثرات فوری ظاہر ہوئے۔ اکثر و بیشتر اس عمل کی قوت سے کام لیتا ہوں بہت جلد قوی اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

ساعت زہرہ سعد یا اتصال قمر یا عطارد زہرہ تبدیلس و تثلیث میں مطلوبہ شخص کا چاندی کا ایک پتلہ تیار کیا جائے اس پتلے کے ماتھے پر مطلوب اپنا نام مع والدہ دونوں آنکھوں کی جگہ پر طلسم زہرہ کندہ کریں اسی طرح دو طلسم سینہ پر دو طلسم دونوں ہاتھ پر کندہ کریں۔ کل چھ طلسم ہونگے۔ اس پتلہ کو خوشبودار سفید کپڑا یا چنبیلی کے پھولوں میں رکھ کر مطلوب کا نام ندا سے سوالاکھ ورد کرے۔ روزانہ تعداد کم از کم بارہ ہزار ہو۔ ہر ہزار کے بعد دو رکعت نماز نفل برائے تسخیر مطلوب پڑھے۔ انشا اللہ پہلے ہی سوالاکھ میں مطلوب حاضر ہوتا ہے۔ حد عمل تین سوالاکھ ہے اس عمل کی قوت اتنی دیکھی گئی ہے کہ اگر مطلوب فوت بھی ہو چکا ہو تو خواب میں اُس کی روح ملاقات میں حاضر ہوتی ہے با ہوش حواس صاحب ورد اُن سے سوال و جواب کر سکتا ہے۔

بعد عمل اس پتلہ کو سنبھال کر رکھ دیں وقت ضرورت استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ ایک شخص کیلئے صرف ایک ہی پتلہ استعمال ہوگا اگر مطلوب طالب سے بے حد نفرت کرتا ہے تو خالص شہد میں بوقت سعد نظرات سیارگان مقصد حُب دوستی میں اسی پتلہ کو شہد میں رکھ کر دو ہزار بار روزانہ درود، ودود کا ورد مدت عمل چھ یوم ہے انشا اللہ جلد ہی مطلوب کے دل میں طالب کیلئے بے انتہا عشق و محبت پیدا ہوگی جب اثر کو ذائل کرنا ہو تو پتلے کو شہد سے نکال دیں اور سادہ سفید کپڑے میں لپیٹ کر رکھ دیں۔

اگر کوئی شخص یہ عمل خود تیار نہ کر سکے تو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے دست مبارک سے تیار کروا کر فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

0300-6351192

جدہ نیوز ایجنٹ توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان 0966-716207

رد دشمنان و تسخیر خاص و عام

از تحریر غلام رضا عسکری اعوان کراچی۔ نواب شاہ۔
گھر نمبر 2146/129 کیمپ نمبر 2 نوابشاہ سندھ۔ گھر نمبر L-1057 سیکٹر 5-B1 نارتھ کراچی
فون نمبر۔ 0300-3210024 0333-7014915 email.razaaskri@gmail.com

اسلام وعلیکم وتحفہ یاعلی مدد۔ زمانہ پر آشوب ہے اور حسد دشمنی عروج پر ہے۔ مولا کا قول ہے دشمن دو طرح کے ہوتے ہیں ایک ظاہری دوسرے خفیہ۔ خفیہ دشمن سے بچو کیونکہ یہ آستین کا سانپ ہوتے ہیں لہذا انہیں پہچاننا ضروری ہے ۔خفیہ دشمن کا خطرناک وار عملیات سفلیات یا جادو ہوتا ہے۔ ایسے لوگ ظالم کے زمرے میں آتے ہیں جو اپنی جبلی خواہشات اور حسد کی وجہ سے دیگر افراد کو اپنے مذموم مقاصد کا نشانہ بناتے ہیں اور علم عملیات سے عوام الناس کی زندگی اجیرن کر دیتے ہیں۔ ایسے افراد لعنت کے مستحق ہیں۔

علم نجوم میں زائچہ بنائیں۔ اور اپنے قمری برج کو یاد رکھیں۔ اگر ستارہ زحل قمری طالع میں موجود ہے اور یہاں مریخ یا کوئی اور نحس ستارہ موجود ہے تو عملیات سے زیادہ زحل کے اثرات کی وجہ سے مشکلات ہوتی ہیں۔ فرد زائچہ کی مثال ایسی ہو جاتی ہے جیسے سونے کی دکان پر بیٹھا ہو لیکن مٹی بیچنے والے جتنی آمدنی بھی نہ آ رہی ہو۔ اگر آپ کا قمری برج میزان قوس یا جدی ہے تو ایسے فرد خاتون کو اپنے زائچہ میں ساتویں گھر میں زحل کی نشست و برخواست کو مد نظر رکھنا چاہیے۔ لوگ اکثر **تسخیر خلق** کے نقوش کی بات کرتے ہیں لیکن بنانے اور بنوانے والا دونو ہی ستاروں کی نحوستوں کو مد نظر نہیں رکھتے۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کوئی عامل ساڑھ ستی سے متاثرہ یا زحل کی نحوستوں سے متاثرہ شخص کو تسخیر کی لوح بنا کر دے اور اسکی تسخیر خلق ہو جائے تو میں اس فرد کو تا حیات اپنا استاد مانوں گا۔ **تسخیر خلق** کے لئے لازم ہے کہ آپ ستاروں کی نحوستوں سے خود کو پاک کریں ورنہ تسخیر خلق کا تیر بہ ہدف عمل بھی آپکے حلقہ احباب میں وسعت نہ لا سکے گا۔ یاد رکھیں خصوصاً زحل، اور مریخ، کی نحوست تسخیر خلائق کے کاموں میں آڑے آتی ہے۔ عطارد و مشتری کی نحوستیں تسخیر خلائق میں کم رکاوٹیں لاتی ہیں لیکن انسان کو ذاتی طور پر فقیر اور مشکوک کر دیتی ہیں۔ راس، کیتو کی طالع میں موجودگی آسیبی اثرات اور نظر بد کا شکار ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔ زہرہ اور شمس کی نحوستیں عزت و وقار کے فقدان کے ساتھ حلقہ خواتین میں مرد کو خاک میں ملا دیتی ہیں۔ ان نحوستوں کی موجودگی میں **تسخیر خلق** کی عمومی یا خصوصی لوح یا عمل بیکار ثابت ہوتا ہے اور کوئی فائدہ نہیں دیتا۔ عامل بندش سفلیات جادو کا ٹھپہ لگا کر آپکی فائل بند کر دیتا ہے اور آپکے روپے اور اعتماد دونوں کو خاک میں ملا دیتا ہے۔

علم یا عملیات ہوئے ہیں انکا پہلے جان لینا ضروری ہے۔ سادہ سی علامات بتاتا ہو ۔تکالیف رات کے وقت ہونا۔ تکالیف محسوس تو ہوتی ہیں لیکن میڈیکل ان تکالیف کو رپورٹس میں شناخت نا کر پائے۔ جسم پر زخم کھرونچ یا نیل جیسے نشانات ہونا ۔بیٹھے بیٹھے بدبو کا جھونکا گزرنے کا احساس ہو۔ گھر میں دکان میں وحشت یا اداسی کا ہونا۔ جسم کے کسی خاص حصہ کا پکڑ میں آنا۔ کام کاروبار کا یکدم بیٹھ جانا۔ امامیہ جنتری کے گذشتہ سالوں کو پڑھیں ستاروں کی جداگانہ بیماریاں جو عملیات سے پیدا ہوتی ہیں انکا ذکر تفصیل سے موجود ہے۔ اگر یہ یقین ہو جائے عملیات سفلیات یا کالا علم ہے تو کسی بھی اچھے منجم یا عامل سے علاج کروائیں اول اپنا صدقہ دیں۔ کالے علم یا سفلی علم کے خلاف بہترین صدقات مریخ کے ہیں دوئم زحل کے بڑا گوشت گائے کا بروز منگل صدقہ کریں۔ کالے ماش یا کالا نمک بروز ہفتہ صدقہ کریں۔ درج ذیل نقش کو دیئے گئے اوقات میں بنائیں۔

نقش بنانے کا طریقہ کچھ اس طرح سے ہے۔ نقش کے کل اعداد کا مجموعہ 109441 ہے (یہ مجموعہ آئمہ علیھم السلام کی مسنون دعاؤں کا ہے لہذا اگر کوئی فرد و اعداد اختلاف کرے تو اسکی علمی تشنگی کے لئے میں ذاتی طور پر حاضر ہوں)۔ ان اعداد میں سے 360 اعداد تفریق کریں اور باقی اعداد کو نو پر تقسیم کریں۔ حاصل اعداد کو خانہ اول میں رکھکر چال کے مطابق پر کریں۔ اگر کسر 1 بچے تو خانہ نمبر 73 میں ۔ 2 ہو تو 64 ۔3 ہو تو 55 ۔4 ہو تو 46 ۔5 ہو تو 37 ۔6 ہو تو 28 ۔7 ہو تو 19 ۔8 ہو تو 10 میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔ ذاتی طور پر تحفظ کے لئے یا مریض کے استعمال کے لئے بنائیں تو نام کے اعداد مع والدہ جمع کر لیں اور تقسیم کے بعد نقش کو چال کے مطابق کسر کا خیال رکھتے ہوئے بھریں۔

تسخیر خلق کے لئے نقش مذکورہ میں سورۃ توبہ کی آخری آیت کے اعداد 2898 ملا کر نقش ترتیب دیں اور Apr 30 2014 کو بنائیں تین عدد نقوش بنائیں ایک کام کاروبار کی جگہ لگائیں۔ ایک پاس رکھیں اور تیسرے نقش پر آیت مذکورہ کو تعداد کے مطابق ورد کر کے ہلکی آنچ دیں۔ شرف زہرہ یا اوج زہرہ میں بنا سکتے ہیں **تسخیر مرد و زن** کے لئے Jul 4 2014 کو اوج زہرہ کے قریب مریخ کی تثلیث میں نقش بنائیں۔ اور مرد و زن کے نام مع والدہ شامل کریں۔

Apr 10 2014 کو زہرہ تثلیث مشتری اور Jun 14 2014 کو زہرہ تسدیس مشتری میں کام کاروبار کی برکت کے لئے نقش بنائیں۔ دیگر سعد اوقات کے لئے آپ اپنے مقصد کے لحاظ سے رجوع کریں میں آپکی راہنمائی کے لئے ہمہ وقت حاضر خدمت ہوں۔

ناصر حسین حسینی بک سٹال پنجابی بازار پاراچنار
حبیب برادرز بک ڈپو نور مارکیٹ پاراچنار

Oct 14 2013 کو فکس اسٹار Regulus کا قران مرنخ کے ساتھ برج اسد میں ہوگا۔ **سفلیات کالے علم عملیات** اور دیگر زحل کی نحوستوں کے تدارک کے لئے نقش بنائیں قارئیں میں ذاتی طور پر ایسے تمام افراد کو درخواست کرونگا کہ اس وقت کے نقش کو لازم بنائیں اور دیکھیں مولا کی ذات آپکے حاسدین کا راستہ کیسے روکتی ہے۔۔ یکم سے تین فروری 2014 تک اسپکا مرنخ قران ہوگا Mar 26 2014 رجعت میں قران مرنخ ہوگا۔ Jul 13 2014 قران مستقیم مرنخ ہوگا۔ اتین اوقات ہیں۔ برج میزان میں یہ قران **زنا جواء لواطت** اور عورتوں کے شائق مردوں کی بدعادات کو دور کرنے کے لئے نقش بنائیں۔ ایسی خواتین جن کے شوہر دوسری عورتوں میں ملوث رہتے ہوں انکے لئے یہ بہترین وقت ہوگا۔ Sep 20 2014 عطارد قران مرنخ ہوگا نشے از قسم شراب چرس یا ہیروئین کی عادات جن لوگوں کو ہوں وہ ان اوقات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ Oct 19 2014 کو قران زہرہ در میزان ریگولس ہوگا شوہر کو راہ راست پر لانے کے لئے نقش بنائیں۔ اس سال Nov 30 2014 سے لیکر Dec 1 2014 کو شرف مرنخ میں **دیدہ و نادیدہ** **دشمنوں** سے تحفظ کے لئے گھر مکان اور جائیداد کے تحفظ اور نظر بد عملیات خبیثہ سے بچاؤ کے لئے نقوش بنا کر استعمال کریں۔ تمام امور لکھ دیئے ہیں تاہم کوئی بات سمجھ نہ آسکے تو رابطہ کریں۔

اَنَاذَا بَیْنَ یَدَیْكَ فَخُذْ لِنَفْسِكَ رِضَاهَا مِنْ نَفْسِیْ لَكَ الْعُتْبٰی لَا اَعُوْدُ فَاِنْ عُدْتُ فَعُدْ عَلَیَّ بِالْمَغْفِرَةِ وَالْعَفْوِ لَكَ بِفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَمَغْفِرَتِكَ وَكَرَمِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ترجمہ۔ اے رب میں تیرے سامنے ہوں تو اپنے لئے میرے نفس کی رضامندی قبول کر کیونکہ میری بازگشت تیری جانب ہے میں تیری طرف پلٹوں تو تو مجھ پر رحم کر اور عنایت فرما جو تیرا خاصہ ہے اپنے فضل اور بخشش اور مغفرت اور کرم کے ساتھ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم اور رحمت فرما تمام انبیاء کے سید و سردار خاتم النبیین پر اور ان جناب کی پاک و پاکیزہ اور طاہر اولاد پر اے رحم کرنے والوں میں سے سب سے زیادہ رحیم۔

٧٨٦

اللھم صل علیٰ محمد و آل محمد

اللھم صل علیٰ محمد و آل محمد

١٢١٩٦	١٢١٥٨	١٢١٢٧	١٢١٤١	١٢١٨٥	١٢١٥٤	١٢١٦٨	١٢١٣١	١٢١٨١
١٢١٥٥	١٢١٤٢	١٢١٨٣	١٢١٨٢	١٢١٦٩	١٢١٢٩	١٢١٢٨	١٢١٩٧	١٢١٥٦
١٢١٣٠	١٢١٨٠	١٢١٧٠	١٢١٥٧	١٢١٢٦	١٢١٩٨	١٢١٨٤	١٢١٥٣	١٢١٤٣
١٢١٥٩	١٢١٢٢	١٢٢٠٠	١٢١٨٦	١٢١٤٩	١٢١٤٥	١٢١٣٢	١٢١٧٦	١٢١٧٢
١٢١٤٦	١٢١٨٧	١٢١٤٧	١٢١٧٣	١٢١٣٣	١٢١٧٤	١٢٢٠١	١٢١٦٠	١٢١٢٠
١٢١٧٥	١٢١٧١	١٢١٣٤	١٢١٢١	١٢١٩٩	١٢١٦١	١٢١٤٨	١٢١٤٤	١٢١٨٨
١٢١٢٣	١٢١٩٥	١٢١٦٣	١٢١٥٠	١٢١٤٠	١٢١٩٠	١٢١٧٧	١٢١٦٧	١٢١٣٦
١٢١٩١	١٢١٥١	١٢١٣٨	١٢١٣٧	١٢١٨٧	١٢١٦٥	١٢١٦٤	١٢١٢٤	١٢١٩٣
١٢١٦٦	١٢١٣٥	١٢١٧٩	١٢١٩٤	١٢١٦٢	١٢١٢٥	١٢١٣٩	١٢١٨٩	١٢١٥٢

اللھم صل علیٰ محمد و آل محمد

اَنَاذَا بَیْنَ یَدَیْكَ فَخُذْ لِنَفْسِكَ رِضَاهَا مِنْ نَفْسِیْ لَكَ الْعُتْبٰی لَا اَعُوْدُ فَاِنْ عُدْتُ فَعُدْ عَلَیَّ بِالْمَغْفِرَةِ وَالْعَفْوِ لَكَ بِفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَمَغْفِرَتِكَ وَكَرَمِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

دعائے قربانی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ کہے بہتر ہے کہ مِنِّیْ۔ مِنَّا۔ مِنْهُ۔ مِنْهُمْ کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ بشکریہ نوائے صالحین (مؤلف شیخ سلطان محمود)

سلسلہ وار

روحانی علاج

تحریر: بابا یوسف زمان ملتان

دعاء وباء

مویشیوں کے جب وبا پھیلے تو اس وقت یہ دعاء اول وآخر سات بار درود شریف پڑھ کر لکھے۔

یا اُم مُلدَمَۃ وَیا اُم صَدمَۃ وَیا اُم الوَبَآء بِقَوُلِ لَک الشیخ عبدالقادر اوتحل من البلآ والی الجبال بحق یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیاً للہ۔

برائے چندری

سورۃ لایلف سات بار مرچ سیاہ پر دم کرکے مریض کو ایک دانہ مرچ کا چالیس روز تک کھلائے اور ایک دھاگا لے کر اس کلام یا عزیز یا اللہ یارَبُّ العٰلَمینُ اور پھر ان داتوں کو جس جگہ غلہ رکھنا منظور ہو ڈال دے۔ انشاءاللہ اس غلہ میں برکت کثیر ہوگی۔ جب ضرورت کے لیے غلہ نکالنے لگے۔ اس وقت بھی بسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیمِ پڑھ لیا کرے۔

برائے درد ریح

جس جگہ ریح کی درد ہو اس جگہ کو زور سے پکڑ کر سورۃ فاتحہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے ایک بار یا دو بار کرنے سے آرام نہ ہو تو تیسری بار کرے انشاءاللہ تیسری بار آرام آجائے گا۔

بانجھ عورت کیلئے

سورۃ نور کے پانچویں رکوع کی آیت جو مندرجہ ذیل ہے چالیس لونگ لے کر سات سات بار ایک ایک لونگ پر پڑھے اور بانجھ عورت ایک لونگ رات کو کھائے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے اور مرد سے ہم بستر ہو۔ انشاءاللہ حمل قرار پائے گا۔ فراغت حیض کے بعد اگر شروع کرے تو زیادہ مفید ہے آیت یہ ہے۔ اَوکَظُلُمٰتٍ فِي بَحرٍلُجِّيٍ یَغشٰہُ مَوجٌ مِن فَوقِہِ سَحَابٌ ظُلمٰتٌ بَعضُہَا فَوقَ بَعضٍ اِذَا اَخرَجَ یَدَہٗ لَم یَکَد یَرٰھَا وَمَن لَم یَجعَلِ اللہُ لَہٗ نُورًا فَمَالَہٗ مِن نُورٍ (سورۃ نور ۴۰)۔

برائے درد رینگن یعنی عرق النساء

اول درود شریف دس بار اور پھر الحمد شریف سات بار اور سورۃ قل ھو اللہُ احد سات بار اون کا سیاہ دھاگہ لے کر اس پر دم کرے اور ایک گرہ دے۔ پھر دوبارہ پڑھ کر اور ایک گرہ دے۔ اسی طرح نو بار پڑھ کر نو گرہ دے کر وہ دھاگہ مریض کو نہلا کر اور پاک صاف کر کے کمر میں باندھے انشاءاللہ فوراً آرام آجائیگا۔ اور آئندہ پھر اس کی شکایت نہ ہوگی۔

برائے خنازیر خشک وتر

بکرے کی کھال کا تسمہ جو کم از کم سوا گز یا مریض کے قد کے برابر ہو لے کر ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ دے۔ پھر ایک بار دوسری گرہ دے۔ اسی طرح ۴۱ بار پڑھ کر ۴۱ گرہ دے کر وہ تسمہ مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاءاللہ آرام آجائیگا۔

گلے کا درد

اتوار کے روز باوضو یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ گلے کا درد جاتا رہے گا۔

بسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیمِ مِنہَا خَلَقنٰکُم وَفِیہَا نُعِیدُکُم وَمِنہَا نُخرِجُکُم تَارَۃً اُخریٰ (طٰہٰ ۵۵) کھیعص حمعسق۔

برائے کور چشم

جس شخص کو رات کو نظر نہ آئے اس کیلئے یہ کرے کہ بکری کا کلیجہ لیکر اس کو سات ٹکڑے کرلے۔ اور ان کو بھون لے اور ہر ایک ٹکڑے پر سورۃ قل ھو اللہ تین بار پڑھ کر دم کرلے اور اسے کھلائے انشاءاللہ آرام آجائیگا

شرفِ زہرہ
لوح تسخیر خلق

تحریر: شہزادہ منظور علی سموں
ٹنڈو محمد خان سندھ

قارئین تحفہ روحانیات اسلام علیکم!

شرفِ زہرہ کے موقع پر یک انمول تحفہ پیارے قارئین تحفہ روحانیات میں علم الحروف کی سائنس بھی بڑی ہی دلچسپ ہے اور اس سمندر کے اندر بڑے ہی قیمتی لعل جواہرات ہیرے موتی موجود ہیں لیکن بات ہے مقدر کی اللہ تعالیٰ جس کو چاہے عطاء کرے۔ اس کو پانے والے بڑے ہی خوش قسمت اور دیکھنے والے بھی خوش نصیب ہوتے ہیں۔ ان قیمتی تحائف میں سے ایک تحفہ حروف تسخیر بھی اپنی تعریف آپ ہے۔ حروف تسخیر اپنے اندر حیرت انگیز بہترین مقناطیسی کشش اور فوراً اثرات دکھانے کی طاقت رکھتے ہیں۔ حروف تسخیر تعداد میں 17 ہیں جو کہ یہ ہیں۔ ا د ح ک م س ف ق ش ت ث خ ذ ض ظ غ۔ اعداد قمری ۱۳۱۷ ۵۷ ہیں۔ حروف تسخیر کے اندر بہت سارے خوبصورت مخفی راز بھی ہیں خدا کی قسم یہ ایسے راز ہیں کہ کہیں سے کروڑوں روپیہ معاوضہ دینے سے بھی نہیں ملیں گے۔ مگر آج پہلی بار اپنے عزیز و اقارب سے بھی بڑھ کر ایک پیاری شخصیت کو مدنظر رکھ کر اس کو قلبی سکون دینے کے خاطر قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں کچھ مخفی راز ظاہر کر دیتا ہوں۔ دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔

راز نمبر: 1۔ حروف تسخیر اپنے اندر تسخیر خلق، تسخیر محبوب، حاضری محبوب، تسخیر افسران، تسخیر ہمزاد، موکلات، جنات تسخیر حیوانات پرندگان کے سلسلے میں نہایت ہی زود اثر ثابت ہیں۔

راز نمبر: 2۔ حروف تسخیر کے ۱۷ حروف ہیں 10 حروف زوج بھی شامل ہیں۔ حروف زوج تعداد میں 12 ہیں ان میں سے صرف ب۔ و کے علاوہ باقی 10 حروف کی اکثریت حروف تسخیر میں شامل ہے۔ حروف زوج بھی تسخیر خلق پیار محبت شادی منگنی نکاح حاضری محبوب اور ہر قسم کے نیک مقاصد کے لئے زوداثر ہیں۔

راز نمبر: 3۔ حروف تسخیر میں رک، رفد کے حروف بھی شامل ہیں۔ حروف رک رفد، متحابہ یا اعداد متحابہ کے نام سے مشہور ہیں رک رفد کی تعارف کے محتاج نہیں ہیں یہ حروف ایک دوسرے کے عاشق نہیں ہیں یہ حروف ایک دوسرے کے عاشق معشوق ہیں۔ زبردست مقناطیسیت رکھتے ہیں۔

راز نمبر: 4۔ سبع سیارگان میں سے صرف 2 سیارے قمر و شمس کے حروف بھی حروف تسخیر میں سے ہیں قمر یا شمس کے سعد وقت شرفات یا نظرات سے بھی فیض لے سکتے ہیں۔ اور سیارہ زہرہ بھی اسی حوالے سے کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔

راز نمبر: 5۔ سیارہ زہرہ سے منسوب نقش مخمس ہے مخمس میں جو حروف ہیں وہ حروف تسخیر میں سے ہیں۔

راز نمبر: 6۔ حروف تسخیر کے اعداد ۱۳۱۷۵۷ کو جمع کریں تو ۱۳+۷+۵=۲۵ بنتے ہیں اور نقش مخمس میں بھی ۲۵ خانے ہوتے ہیں۔

اوقات شرف زہرہ:۔

4 مارچ 12 بجکر 25 منٹ دوپہر سے
5 مارچ 7 بجکر 44 منٹ صبح تک

ان اوقات کے دوران ساعت زہرہ کا انتخاب کریں۔

لوح تسخیر خلق:۔ حروف تسخیر کے مقناطیسی اعداد ۱۳۱۷۵۷ سے نقش مخمس کو پر کیا جائے گا ترتیب وار چال کے مطابق بغیر چال کے لوح اثر نہیں دکھائے گی لوح مبارک تسخیر خلق ہر خاص و عام حضرات و خواتین کے لئے یکساں مفید ہے ڈاکٹرز حکیم وکلاء افران دکاندار اسٹیٹ ایجنسی کا کاروبار کرنے والوں کے علاوہ دیگر پیشہ ورانہ لوگ بھی لوح تسخیر خلق کو تیار کروا کے اپنے پاس رکھیں۔ اس کے علاوہ وہ خواتین جو بیوٹی پارلر کا کام کرتی ہیں اگر ان کے کاروبار میں ترقی اور منافع نہیں ہو رہا ہے تو لوح تسخیر خلق سے فائدہ حاصل کریں۔

وضاحت:۔ لوح تسخیر خلق کو اپنے بازو گلے بٹوے یا بیگ پرس میں استعمال میں لا سکتے ہیں اس کے علاوہ لوح مبارک کو فریم میں بند کرا کے کاروبار کی جگہ پر لگا سکتے ہیں۔ ۷ا گھنٹہ سے اثرات شروع ہو جائیں گے ہر وقت لوگوں کو ہجوم ہوگا۔ ترقی و منافع میں دن بہ دن اضافہ ہوتا رہے گا لوح کو عرق گلاب عنبر او زعفران سے لکھنا ہوگا۔

۷۸۶

۱۱۳۵	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۵۳	۱۱۴۷
۱۱۳۶	۱۱۴۳	۱۱۳۶	۱۱۴۴	۱۱۵۳
۱۱۵۲	۱۱۵۰	۱۱۴۳	۱۱۳۵	۱۱۴۳
۱۱۴۲	۱۱۵۱	۱۱۳۹	۱۱۴۲	۱۳۹
۱۱۳۸	۱۱۳۱	۱۱۵۵	۱۱۴۸	۱۱۴۱

نوٹ:۔ مزید رہنمائی تفصیلات عملیات اور مخفی رازوں کو جاننے کے لئے میری عنقریب شائع ہونے والی کتاب اسرار حروف تسخیر کا مطالعہ فرمائیں۔

طاہر نیوز ایجنسی عارف والا روڈ بورے والا 0333-6294691 ادارہ روحانیات

کثرت حیض کا علاج

☆ جس عورت کے ایام میں زیادتی ہو وہ درج ذیل آیات کو لکھ کر کمر میں باندھے۔ وقیل یارض ابلعی مٰاءك ویسمآء اقلعی وغیض الماء وقضی الامر واستوت علی الجودی وقیل بعد اللقوم الظلمین۔

مرد اور عورت کا بانجھ پن

☆ بانجھ پن کیلئے ہرن کی جھلی پر زعفران، عرق گلاب کے ساتھ لکھ کر گلے میں ڈالیں اور یہی آیات لکھ کر پانی کے ساتھ پی لیا کریں۔ مدت اکیس (21) تا اکتالیس (41) یوم ہے۔

ولوان قرانا سیرت به الجبال اوقطعت به الارض اوکلم به الموتی بل لله الامر جمیعا۔

☆ چالیس عدد لونگ لے کر یہی آیات ان پر سات دفع پڑھ کر دم کریں عورت حیض سے پاک ہو کر رات کو ایک لونگ کھا لیا کرے شرط یہ ہے کہ اس پر پانی نہ پیا جائے۔

☆ جو شخص بے اولاد ہو اور علاج سے مایوس ہو گیا ہو تو دو انڈے دیسی مرغی کے لیکر جوش دیں پھر چھلکا اتار کر ایک پر والسماء نبینها باید و انا لموسعون یہ انڈا مرد کھا جائے۔ والارض فرشنها فنعم الماهدون یہ عورت کھا جائے۔ چالیس دنوں تک یہ عمل جاری رکھیں اللہ کرے گا مراد حاصل ہو گی۔

☆ درج ذیل آیاتیں لکھ کر کمر پر باندھیں اور چالیس دنوں تک چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں مراد حاصل ہو گی۔

بسم الله الرحمن الرحیم لله ملك السموت والارض یخلق مایشاء یهب لمن یشاء انثا ویهب لمن یشاء ذکوره اویزوجهم ذکرانا وانثا ویجعل من یشاء عقیما انه علیم قدیر۔

حفاظت حمل

☆ جب حمل قرار پا جائے چالیس دن گزرنے سے پہلے پہلے یہ آیات لکھ کر کمر پر باندھیں جب بچہ کی ولادت ہو جائے یہ تعویذ اُتار کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

والتی احصنت فرجها فنفخنا فیها من روحنا وجعلنا ها وابنها اية للعالمین۔ ان هذه امتکم امته واحدة وانا ربکم فاعبدون۔

بچے کا پیٹ میں مر جانا

☆ جس عورت کے پیٹ میں بچہ مر جاتا ہو اور زچگی نہ ہوتی ہو تو درج ذیل قرآنی آیات مشک وزعفران سے مٹی کے کورے برتن پر لکھ کر بارش کے پانی سے حل کر کے شکر ملا کر خاتون کو پلائیں فائدہ ہو گا۔

واصبح فوادام موسی فارغا۔ ان کادت لتبدی به لولا ان ربطنا علی قلبها لتکون من المومنین۔

پیٹ میں سوتے ہوئے بچے کو جگانا

☆ کسی صاف برتن پر لکھ کر بارش کے پانی سے حاملہ کو یہ پانی پلائیں۔

اومن کان میتا فاحیینه وجعلنا له نور ایمشی به فی الناس۔ قال من یحی العظیم وهی رحیم۔ قل یحییها الذی انشاها اول مرة وهوبکل خلق علیم۔ وننزل منلقران ماهو شفاء ورحمة للمومنین۔

برائے اولاد نرینہ

☆ جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو بعد نماز فجر سورۃ البقرہ۔ الم ذالك الکتاب لاریب فیه تک سات دفع پڑھ کر دم کر کے وہ پانی نہار منہ سات دنوں تک پی لیا کرے۔

☆ شروع مہینہ میں عورت کی دائیں پسلی پر سورۃ اعلیٰ لکھ دیں انشاءاللہ بیٹا پیدا ہو گا۔

☆ سورۃ یوسف لکھ کر عورت کو تعویذ بنا کر دیں وہ گلے میں ڈالے انشاءاللہ بیٹا پیدا ہو گا۔

دودھ کی کمی کا علاج

☆ جس عورت کے دودھ کی کمی ہو یا دودھ خشک ہو جاتا ہو اس کو جاری کرنے کیلئے اول آخر درود پاک تین تین دفع پھر لاہوری نمک پر سات دفع سورۃ الحجر پڑھ کر دم کریں وہ نمک عورت استعمال کرے۔

☆ درج ذیل آیت ایک سو ایک بار بارش کے پانی پر پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلانے سے دودھ واپس آ جاتا ہے۔

وهی تجری بهم فی موج کا الجبال۔ فیهما عنیان تجریان۔

خاتمہ بخار باری والا

جس مرد عورت بچہ کو باری کا بخار ہوتا ہو ایک دن چھوڑ کر بخار ہوتا ہو تو چاہئے کہ کوری ٹھیکری کے تین عدد ٹکڑے لیکر جس کو پانی نہ لگا ہو۔ پہلی پر یا محیط ۸۶ ۷ دوسری پر ۸۶ ۷ یا محیط تیسری پر ۸۶ ۷ یا محیطط لکھ کر باری چڑھنے سے دو گھنٹہ قبل دھجی میں لپیٹ کر مرد اور لڑکا دائیں بازو پر باندھے اور عورت یا لڑکی بائیں بازو پر باندھیں جب دوسرے دن دوسری ٹھیکری باندھیں تو پہلے والی اتار لی جائے اور اسے کنویں میں ڈال دیں اس ٹھیکری کے باندھنے سے تین حالتیں ہونگی یا بخار اتر جائیگا یا کم ہو جائیگا یا زیادہ ہو جائیگا مریض کو گھبرانا نہیں چاہئے جب جائے تو آخری ٹھیکری دو دن مزید بندھی رہے۔

(مجرب ہے)

شاہین بک اسٹال علامہ اقبال ٹاؤن پتوکی 0345-4678832
ادارہ روحانیات

"ف" یہ حرف بار دیا بس ہے عدد اس کے ہزار ہیں اگر اس حرف کو ہزار بار لکھے اور اپنے سر میں رکھے اسی ہیں ۔ اگر کوئی ساٹھ روز تک ساٹھ بار پڑھا کرے اور دشمن کی طرف پھونکے دشمن ہلاک ہو جائے اور اگر کوئی بھاگ جائے تو ہزار بار نئے ٹاٹ پر لکھے اور آگ میں جلائے ۔ غائب حاضر ہو جائے

دفع امراض :۔ ایسی بیماری جو کسی کی سمجھ میں نہ آتی ہو اور جس جس کی تشخیص ناممکن نظر آتی ہو تو اس کو چاہیے کہ شرف قمر میں اس نقش مکرم کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے بیمار بہت جلد شفا پائے گا۔ حیرت انگیز طور پر بیماری آہستہ آہستہ دور ہو جائے گی اور مریض تندرستی کی جانب گامزن ہوتا رہے گا۔

نو	ر	نا	فع
مطلع	۲۶	۵۷	مجید
۶۱	۱۵۱	۵۴	۵۸
موحل	۵۹	۶۰	عاحم

جمیع آفات سے بچاؤ :۔ اکثر اوقات اس طرح ہوتا ہے کہ بہت ساری پریشانیاں مصائب' تکالیف یکے بعد دیگرے حملہ آور ہوتی ہیں کہ انسان پست ہو جاتا ہے ۔ جینے کی امنگ اور کچھ بھی ہمت باقی نہیں رہتی ۔ اس نقش مبارک کو تحریر کرنے سے پہلے دن جمعہ کا انتخاب کریں ۔ اور جمعہ کی پہلی ساعت زہرہ کی ہوتی ہے ۔ اس ساعت میں لکھنے سے اثر تیز ہوتا ہے یہ نقش یا حفیظ کو چاندی پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھے ۔ انشاء اللہ تمام جمیع آفات سے بچا رہے گا۔

اکھاڑا اجڑ جائے :۔ اگر کسی اکھاڑے کا باندھنا منظور ہو تو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر اکھاڑے میں گاڑ دے ۔ اس میں لوگوں کو کشتی کرنا دشوار ہوگی ۔ اور جو بھی لڑے گا چوٹ کھائے ۔ اور کشتی کی طرف سے دل سرد ہوگا ۔ اکھاڑہ اجڑ جائیگا ۔ جب منظور ہو کہ اکھاڑہ پھر جاری ہو جائے ۔ اس نقش کو کھود کر نکال لے ۔

۱	۲۲	۳
۲	۳۱	۲
۳	فلاں بن فلاں اکھاڑہ بستم بحق یا قابض	۶

یا محیط یا ملائک یا موکل تا من نکشایم نکشاید بحرمت یا قابض یا محیط بستہ گردو

بقیہ (اعمال لاثانی)

تو دو عدد نقش تحریر کریں ۔ ایک اپنے پاس رکھیں اور دوسرا اپنے دفتر یا کاروبار وغیرہ کی جگہ پر چسپاں کریں ۔ اور آیت کریمہ کا ورد صبح و شام ہمراہ درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ گیارہ سو کی تعداد میں کریں ۔ کل مدت 41 یوم ہے ۔

اگر بیماری' جادو' آسیبی اثرات کے لیے تیار کر رہے ہیں ۔ پھر آپ نقوش کو چار عدد تحریر کریں ۔ ایک عدد اپنے پاس رکھیں اور باقی تین نقوش فی نقش سات یوم کے حساب سے اکیس یوم استعمال کریں ۔ یعنی نقش سے ایک بوتل پانی تیار کر لیں اور وہ پانی سات یوم استعمال کریں ۔ اور ورد آیت کریمہ کا ہر نماز کے بعد ایک سو دس مرتبہ اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ہمراہ کریں اور اپنے اوپر دم کر لیں ۔ انشاء اللہ آپ کی جملہ حاجات ایسے پوری ہونگی کہ آپ خود حیران رہ جائیں گے ۔ لیکن صدقہ خیرات ضرور کریں بلائیں رد ہوتی ہیں ۔

"اسم ذات خاص برکات"

یہ عمل اسم ذات "اللہ" کا ان لوگوں کے لئے خصوصی طور پر تحریر کیا جاتا ہے ۔ جو دوست نقوش وغیرہ کی بجائے ورد وظائف کے طلب گار زیادہ ہوتے ہیں ۔ دیئے گئے طریقہ پر عمل کرتے ہوئے آپ لوگ اسم ذات بابرکات کا ورد کریں ۔ انشاء اللہ آپ اپنے دل کی تمام خواہشات حاصل کرنے میں ضرور کامیاب ہونگے ۔ لیکن اس کے لیے بھی صاف نیت' یقین کامل' یکسوئی اور پاکیزگی حد درجہ کی ضروری ہے ۔

طریقہ عمل :۔

اسم ذات "اللہ" کو کسی بھی نوچندی جمعرات سے ہمراہ اول آخر درود شریف ایک سو دس مرتبہ اور "یا اللہ" چار ہزار مرتبہ روزانہ بعد از نماز عشاء ورد کریں اس ورد کی مدت اکیس یوم ہے ۔ پڑھائی کی جگہ تین عدد اگربتیاں جلانا شرط ہے ۔ یہ پڑھائی کی تعداد اور تین اگربتیوں کی شرط ایک راز ہے ۔ ان پر سختی سے عمل پیرا ہوں ۔ اس روحانی ورد اسم ذات کی پڑھائی سے کوئی ایسا کام نہیں جو پورا نہ ہو لیکن تمام اعمال کو صرف جائز مقصد کے لئے استعمال میں لائیں ورنہ شدید رجعت کے لیے اپنے آپ کو تیار رکھیں میری دعا ہے اللہ رب کعبہ آپ کے تمام مقاصد خیر کو "اعمال لاثانی" سے پورا فرمائے اور جملہ پریشانیوں کا خاتمہ فرمائے ۔ آمین یا ربنا کریم ۔ ان اعمال سے فائدہ ہونے کی صورت میں مجھ سید زاہد حسین زیدی اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ و ہمارے تمام بزرگوں کو دعائے خیر میں ضرور یاد رکھیں۔

اسلامی بک ڈپو کنگن روڈ احمد پور شرقیہ 0334-9809184
ادارہ روحانیات

جن کی نظر بد بھی انسان کو لگ سکتی ہے!

حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنات اور انسانوں کی نظر بد سے پناہ طلب کیا کرتے تھے۔ پھر جب معوذ تین الفلق الناس نازل ہوئیں تو آپ انہیں کو پڑھا کرتے تھے اور باقی دعا ئیں آپ نے چھوڑ دی تھیں۔

ام سلمہ کہتی ہیں کہ آپ نے ان کے گھر میں ایک لڑکی کو دیکھا جس کے چہرے پر سیاہ نشان تھا چنانچہ آپ نے فرمایا اس کو نظر ہے لہٰذا اس پر دم کردو۔

ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ جس طرح انسان کی نظر بد اثر کرتی ہے اسی طرح جن کی بھی نظر بد اثر کرتی ہے اس سے مسلمان کو چاہیے کہ وہ جب بھی اپنے کپڑے اتارے یا شیشہ دیکھے یا کوئی بھی کام کرے تو بسم اللہ پڑھ لیا کرے تاکہ جنوں اور انسانوں کی نظر بد کی تاثیر سے بچ سکے۔

نظر بد کا علاج

اس علاج کے کئی طریقے ہیں ان میں سے چند ایک درج کرتا ہوں۔

پہلا طریقہ:۔ جس شخص کی نظر لگی ہو اگر اس کا پتہ چل جائے تو اس غسل کرنے کا کہا جائے پھر جس پانی سے اس نے غسل کیا ہو اسے نظر بد سے متاثرہ شخص پر بہا دیا جائے اس طرح انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

ابو امامہ کہتے ہیں میرے باپ سہل بن حنیف نے غسل کرنے کا ارادہ کیا اور جب اپنی قمیض اتاری تو عامر بن ربیعہ ان کی طرف دیکھ رہے تھے ان کا رنگ انتہائی سفید تھا اور جلد بہت خوبصورت تھی عامر نے دیکھتے ہی کہا میں نے آج تک اتنی خوبصورت جلد کسی کنواری لڑکی کی بھی نہیں دیکھی ان کا یہ کہنا تھا کہ سہل کو شدید بخار شروع ہوگیا۔ چنانچہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ قصہ بتایا گیا اور آپ سے یہ بھی کہا گیا کہ سہل کی حالت یہ ہے کہ وہ سر بھی نہیں اٹھا سکتا۔ آپ نے پوچھا کیا تمہیں کسی پر شک ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں عامر بن ربیعہ پر شک ہوسکتا ہے۔ سو آپ نے انہیں بلوایا اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔ تم میں سے کوئی ایک کیوں اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے۔ کیا تم بارک اللہ نہیں کہہ سکتے تھے۔ اس کیلئے غسل کرو۔ چنانچہ عامر نے اپنا چہرہ ' ہاتھ ' کہنیاں ' گھٹنے ' پاؤں اور اپنی چادر کے اندرونی حصے دھوئے پھر اسی پانی کو آپ نے سہل کے اوپر پیچھے سے بہا دیا اور سہل فوراً شفایاب ہوگئے۔

غسل کرنے کا طریقہ:۔ ابن شہاب زہری کا کہنا ہے کہ ہمارے زمانے کے علماء نے غسل کی یہ کیفیت بیان کی ہے۔ جس آدمی کی نظر لگی ہو اس کے سامنے ایک برتن رکھ دیا جائے جس میں وہ سب سے پہلے کلی کرے اور پانی اسی برتن میں گرائے پھر اس میں اپنا چہرہ دھوئے پھر بائیں ہتھیلی پر پانی بہائے پھر پہلے دائیں کہنی پھر بائیں کہنی پر پانی بہائے پھر بائیں ہاتھ سے اپنا دایاں پاؤں دھوئے پھر دائیں ہاتھ سے بایاں پاؤں دھوئے پھر اسی طرح گھٹنوں پر پانی بہائے پھر اپنی چادر' شلوار وغیرہ کا اندرونی حصہ دھوئے اور اس پورے طریقہ میں اس بات کا خیال رہے کہ پانی برتن میں ہی گرے اس کے بعد جس شخص کو نظر بد لگی ہو اس کے سر کی پچھلی جانب سے وہ پانی یک بارگی بہا دیا جائے۔

دوسرا طریقہ:۔ مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں۔

بسم اللہ ارقیك واللہ یشفیك من كل داء یوذیك ومن كل نفس اوعین حاسد اللہ یشفیك بسم اللہ ارقیك۔

ترجمہ:۔ میں اللہ کے نام کے ساتھ تجھے دم کرتا ہوں اور اللہ تجھے ہر تکلیف و بیماری اور ہر روح بد یا حسد کرنے والی آنکھ کی برائی سے شفا دے گا۔

تیسرا طریقہ:۔ **بسم اللہ یبریك من كل داء یشفیك وم شر حاسد اذا حسد ومن شر كل ذی عین۔**

ترجمہ:۔ اللہ کے نام کے ساتھ وہ اللہ تجھے ہر بیماری سے شفا دے گا اور ہر حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے اور ہر نظر بد کے شر سے۔

چوتھا طریقہ:۔ مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اللھم رب الناس اذھب الباس واشف انت الشافی لاشفاء الاشفاء شفاء لایغادر سقما۔

اے اللہ تو لوگوں کا پروردگار ہے تکلیف دور فرما اور شفا بخش کیونکہ تو شفا بخشنے والا ہے۔ تیری شفاء کے علاوہ کوئی شفا نہیں ایسی شفا عطا فرما جو بیماری کو جڑ سے اکھاڑ دے۔

پانچواں طریقہ:۔ مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر آخری تین سورتیں پڑھیں اور اس پر دم کردیں۔

بندش زبان

آیہ ولو لا اذ سمعتموہ قلتم سے حکیم (پ۱۸ع۸)

وہ لوگ جو کہ بدزبان ہوں ان کے اس عمل کی وجہ سے خطرہ اور شر پھیلتا ہو ایسے لوگوں کی زبان بند کرنے کیلئے بدھ کے دن 12:30 پر سفید انگور کے پانی پر 13 بار پڑھیں۔ اس پانی میں شکر ملا کر اس کا حلوہ بنائیں اور یہ حلوہ اُس شخص کو کھلا دیں۔ اسی طرح درج بالا تینوں آیات مٹی کی ٹھیکری یا کچی اینٹ پر لکھ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔

اشرف نیوز ایجنسی مسجد روڈ نواب شاہ 0332-7472471 ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

Money Box
دولت کی بارش کا عمل

نقش کو سفید کپڑے پر مشک عنبر زعفران یا سبز سیاہی سے لکھیں۔

۱۹۲۲	۱۵۳۷۶	۳۷۶۶
یا رحمٰن ۹۶۱۰	یا اللہ یا رزاق	یا لطیف ۱۳۴۵۴
۱۱۵۳۲	۷۶۸۸	۳۸۴۴

جس کپڑے پر نقش لکھا ہے اسکی ایک تھیلی بنالیں پھر اسے لکڑی کے **Money Box** بکس میں رکھ لیں اور تھیلی اس طرح تیار کریں کہ نقش اندر کی سائیڈ میں ہو۔ ۱۴ دن تک یہ عمل کریں کہ عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نفل پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس بار سورہ اخلاص پڑھیں دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ۲۰ بار سورہ اخلاص تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ۳۰ بار سورہ اخلاص چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ۴۰ بار سورہ اخلاص پڑھیں اور بکس کھول کر تھیلی پر دم کرتے رہیں۔ نماز سے فراغت کے بعد سو مرتبہ استغفار پڑھیں اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف اور ایک ہزار مرتبہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل پڑھیں۔ اور ۱۴ دن کی پابندی کے بعد جو بھی آمدنی ہو اس کو اس میں ڈالتے رہے اور اسی میں سے نکال کر خرچ کرتے رہیں۔ انشاء اللہ یہ بکس کبھی روپوں سے خالی نہیں ہوگا۔ اس تھیلی کے اندر جھانکنے کی اور روپوں کو شمار کرنے کی کی غلطی نہ کریں ورنہ............

نوٹ: جو خواتین وحضرات یہ عمل خود نہ کرسکیں وہ یہ منی بکس ادارہ نورانی دنیا سے منگواسکتے ہیں۔ آج ہی جوابی لفافہ اور منی آرڈر ارسال کریں۔ ہدیہ =/2700

Money Box
خیر و برکت اور دولت میں اضافہ کیلئے منی بکس ادارہ نورانی دنیا سے ہدیۃً منی آرڈر بھیج کر منگا سکتے ہیں۔ ہدیہ 2700 روپے
پروفیسر ایم اے خان نوری
106 ثمرینہ اپارٹمنٹ، بلاک 4، کلفٹن۔ کراچی
Contact:021-5820152, 0300-9443274,

جنات، شیاطین و جادو کے وجود پر قرآنی دلائل

تحریر:۔ڈاکٹر عبدالرؤف نقشبندی مجددی (راولپنڈی)

استخاصہ کیا ہوتا ہے؟

ابن کثیر کہتے ہیں کہ استخاصہ یہ ہوتا ہے کہ حیض کے دنوں کے بعد بھی عورت کو خون آتا رہتا ہے عورت کو یہ خون ایک ماہ تک آسکتا ہے اور اسکی تعداد میں کمی بیشی بھی ہوسکتی ہے۔

استخاصہ کا علاج

پانی پر دم کریں اور وہ پانی پھر مریضہ کو دے دیں جسے وہ تین دن تک پیتی رہے اور غسل بھی کرتی رہی دم سحر وتفریح کے مطلق جو قرآنی سورتیں ہیں وہ ہی دم کرنی ہیں ان سے انشاءاللہ خون آنا رک جائیگا

شادی میں رکاوٹیں ڈالنے کا جادو کی علامات

دائمی سر درد، سینے میں درد اور ساتھ گھٹن کا احساس خاص طور پر عصر کے بعد سے لیکر آدھی رات تک، منگیتر کو بدصورت منظر میں دیکھنا، بہت زیادہ پریشان حال، نیند کے دوران بہت زیادہ گھبراہٹ، کبھی کبھی معدہ میں شدید درد، پیٹھ کی نچلی ہڈیوں میں درد رہتا ہے۔

جادو کیسے ہوجاتا ہے؟

کوئی کینہ پروری اور سازشی انسان پلید جادوگر کے پاس جاتا ہے اور اس سے مطالبہ کرتا ہے کہ فلاں آدمی کی بیٹی پر جادو کردو تا کہ وہ شادی نہ کرسکے جادوگر اس کا اور اس کی ماں کا نام اس سے پوچھتا ہے پھر اس کا کوئی کپڑا طلب کرتا ہے اس کے بعد اس پر جادو کردیتا ہے اس کے سلسلے میں ایک یا ایک سے زیادہ جنوں کی ڈیوٹی لگا دیتا ہے سو یہ جن اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے کیلئے اس عورت کا پیچھا کرنا شروع کردیتا ہے اگر اسے موقع مل جائے تو اس میں داخل ہوجاتا ہے پھر اسے اس حد تک پریشان کرتا ہے کہ جو بھی اس کی منگنی کا پیغام لے کر اس کے پاس جاتا ہے وہ اس کے ساتھ شادی کرنے سے فوراً انکار کردیتی ہے اور اگر اس میں داخل ہونے کا موقع نہ ملے تو باہر سے جن کی کوشش ہوتی ہے کہ ہر مرد کے ساتھ شادی کرنے سے بلاوجہ انکار کردیتی ہے اور اگر کوئی مرد اس کے ساتھ شادی کرنے کے لئے تیار ہو بھی جائے تو شیطان اس کے دل میں مسلسل وسوسے ڈالتا ہے اور اس سے بدظن کردیتا ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس عورت کے گھر میں جو شخص بھی اس عورت کے ساتھ شادی کرنے کی نیت سے داخل ہوتا ہے اس سے شدید گھٹن کا احساس ہوتا ہے اور اس کا گھر اسے جیل خانہ لگتا ہے اس کے بعد وہ دوبارہ اس کے گھر میں داخل ہونے کا سوچ بھی نہیں سکتا

جادو کا علاج

ا۔مریض پر پہلی قسم میں مذکور دم والی آیات وسورہ پڑھیں اگر اس پر مرگی کا دورہ پڑجائے اور جن بولنے لگے تو اس کے ساتھ بھی وہی طریقہ اپنائیں جو سحر وتفریق میں بیان کردیا گیا ہے۔۲۔اگر اس میں مرگی کا دورہ نہ پڑے اور اس کے جسم میں کچھ تبدیلیاں رونما ہوں تو اسے مندرجہ ذیل تعلیمات دیں۔(۱) وہ شرعی پردے کی پابندی کرے (۲) نمازیں وقت پر ادا کریں (۳) گانے اور موسیقی وغیرہ نہ سنے (۴) سونے سے پہلے وضو کر کے آیۃ الکرسی پڑھ کر سوجائیں (۵) معوذات کی تلاوت کر کے اپنے جسم پر دم کریں (۶) ایک گھنٹے کی کیسٹ میں آیۃ الکرسی کو بار بار ریکارڈ کریں جسے وہ روزانہ ایک بار سنتی رہے (۷) ایک دوسری کیسٹ میں معوذات، اخلاص، فلق، الناس کو بار بار ریکارڈ کریں اور اسے بھی روزانہ ایک بار سننے کی تلقین کریں (۸) نماز فجر کے بعد ۱۰۰ مرتبہ لاالہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئی قدیر عورت ایک ماہ تک پابندی کے ساتھ ان تعلیمات پر پابندی کرے اس کے بعد انشاء اللہ اسے یا تو مکمل شفا نصیب ہوگی اور جادو ٹوٹ جائے گا یا پھر اس کی تکلیف میں اضافہ ہوجائے گا اور اگر ایسا ہو تو اس پر دوبارہ دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ اسے مرگی کا دورہ پڑجائے گا اور جن آپ کے ساتھ گفتگو شروع کردے گا پھر آپ اس کے ساتھ سابقہ بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق نمٹ سکتے۔

فیصل نیوز ایجنسی، کچہری بازار، راجن پور۔0641-688663　ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

رحمکاریہ جفر

دفع سحر جادو

تحریر:۔ سید شعیب الرحمٰن شاہ (کاکاخیل)

سب سے پہلے اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔ پھر حضرت محمدؐ پر لاکھوں کروڑوں درود و سلام

جادو کی کچھ ایسی تکالیف ہوتی ہیں جنہیں اکثر ساحرین ایسے جادو کرتے ہیں اسکی پانچ قسمیں ہوتی ہیں۔

1:۔ آٹے یا مٹی کا پتلا بنا کر اس میں سوئی چبھو دیتے ہیں اور منتر پڑھ کر دیوی یا دیوتا کو دعوت دیتے ہیں جس کو مبتلا کرنا ہوتا ہے اسکے مکان میں موقع پا کر گاڑ دیتے ہیں۔ جس پر کیا جاتا ہے کہ وہ بیچارہ دن رات ایسی حالت میں رہتا ہے کہ جسم میں جا بجا سوئیاں چبھتی ہیں اور چونٹیاں چلتی معلوم ہوتی ہیں۔ اور تمام جسم میں آگ جیسی پھیلی ہوتی ہے۔

2:۔ ایک مٹی کا ٹھیکرا لیکر اس میں ہر قسم کی شیرینی پھول اور پتلا شخص مقصود کا بنا کر اسمیں سوئی چبھو کر رکھتے ہیں۔ اور اسمیں مٹی کا چراغ کڑوا تیل ڈال کر جلاتے ہیں۔ اور پانی میں چھوڑ دیتے ہیں۔ اس جادو سے مریض ہمیشہ قبل آب رواں اپنے آپکو سمجھتا ہے۔ اسکو ہر وقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ پانی میں بہا جاتا ہوں اور اسکا دل ڈوبا رہتا ہے جس اسکا پلیت بھی ہے۔

3:۔ دیوالی یا دہرہ کی راتیں مسان یا ہنومان وغیرہ کو جگانے اور انکو قبضہ میں لانے کے لئے موثر ہوتی ہے جادوگر ان کی دعوت کرتے اور بلاتے ہیں۔ پھر سال بھر ان سے کام لیتے ہیں جو کوئی انسان خواہ مرد ہو یا عورت یا بچہ انکی چھپٹ میں آ کر تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے ۔اگر کوئی دشمن ہو تو جادوگر اپنے علم کو تازہ کرنے کے لئے اس پر چلا دیتے ہیں اور ہلاک کر دیتے ہیں۔ کوئی دشمن نہیں ہوتا تو درخت پر سوٹھ جلاتے ہیں تو وہ ہرا بھرا درخت خشک ہو جاتا ہے۔ اکثر دنیا کے اندھے لالچ کیلئے ان لوگوں کے پاس جاتے ہیں تا کہ دوسروں کی قیمتی جان ختم کریں۔ اس وقت جادوگر یہ کرتے ہیں کہ ایک چوکی اٹھاتے ہیں اور کچھ میعاد مقرر کرتے ہیں جسکے لئے جادو کیا گیا ہو وہ دکھ تکلیف اُٹھا کر اس عرصہ میں مرجاتے ہیں۔ چوکی یوں کرتے ہیں کہ مٹی کے گھڑے کو توڑ کر اسکے بڑے سے ٹھیکرے میں پتلا وغیرہ رکھتے ہیں۔ چراغ جلاتے ہیں اور اپنے دیوتاؤں کو بلاتے ہیں اور انکے ذریعے اُڑاتے ہیں اور اس دشمن کے مکان تک پہنچاتے ہیں اگر وہ اس وقت کہیں راستے میں ہو تو اس پر گرتی ہے اور ٹوٹتی ہے۔

مکان میں ہوں تو مکان کی چھت یا صحن میں گرتی ہے پس اس روز سے اسکے بدن میں میں درد ہوتا ہے یا جسم بھاری ہو جاتا ہے یا خون پاخانے کے راستے سے آتا ہے ہر وقت بدن جلتا رہتا ہے۔

4:۔ کسی کو کھلانے پلانے کے لیے منتر تنتر پڑھ کر لونگ کے جوڑے، پان کے بیڑے یا اور چیزیں دیتے ہیں۔ جسکو کھلا دیں گے وہ دماغی طور پر ختم ہو جاتا ہے پاگلوں جیسی حرکتیں کرتا ہے اور سمجھ لیتا ہے کہ میں اب مر جاؤں گا۔ سدھ بدھ گنوا بیٹھتا ہے کوئی کام کرنے کو دل نہیں کرتا ہے۔

5:۔ جادو منتر سے کسی مخصوص شخص کو ایسا دکھ پہنچاتے ہیں کہ اسکی جان جاتی رہتی ہے جس پر جادو کیا گیا ہو اس کے کندھے بھاری ہو جاتے ہیں کبھی اس کی پیٹھ اور آستانوں کے درمیان درد ہوتا ہے اور بوجھ اکٹھا ہوا محسوس ہوتا ہے جواب میں ڈراونی شکلیں نظر آتی ہیں۔ اگر جادو کا علاج کسی ماہر روحانیات یا ولی اللہ سے کرالیں ورنہ جادو بہت شدید اور خطرناک ہو جاتا ہے۔ سحر کی علامت یہ بھی ہوتی ہے کہ دن بدن کمزوری کاروبار کا بنتے بنتے رک جانا، اسکے علاج کیلئے ایک بتی بنائی جاتی ہے جس مکان میں شیطانی اثر ہو اس مکان میں یہ پلیدہ جلائیں۔

خالق کائنات نے ایسی مخلوق بھی پیدا کی ہے جو ہماری نگاہیں نہیں دیکھ سکتی مگر محسوس کرتے ہیں ہوا کو دیکھ نہیں سکتے محسوس کر سکتے ہیں۔ اس مخلوق کی چند قسمیں ہیں جن میں ایک مخلوق کا نام شیطان ہے۔ انکی عادت خبیث ہوتی ہے اور موقع ملنے پر شیطان یہ انسان کو تنگ کیا کرتے ہیں۔ اگر کسی مکان یا انسان پر شیطان کا اثر ہو تو ذیل بالا کا نقش پرانی جوتی کے چمڑے پر

اسلامی بک ڈپو، کنگن روڈ، احمد پور شرقیہ۔ 0334-9809184 ادارہ روحانیات

سیاہی سے لکھ کر اگر مکان میں اثر ہو تو اس چڑے میں دھاگہ باندھ کر بیرونی دروازہ پر کسی دھاگہ سے لٹکا دیں۔ اگر کسی شخص پر اثر ہے تو کسی برتن میں کوئلہ جلا کر یہ چڑا اس آگ پر رکھ دو اور اس شخص کی ناک میں دھواں دو اور بدن کو بھی دھواں دو خداوند کریم کے فضل و کرم سے شیطان کا اثر دور ہوگا۔

کئی جنونی اور پاگل بھی اس عمل سے صحت یاب ہو چکے ہیں۔ اگر ایک دفعہ میں صحت نہ ہو تو کئی دفعہ میں کرو۔ مگر دن ہمیشہ منگل یا ہفتہ کا ہو۔

۲: دفعہ سحر کیلئے سورہ معوذتین کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز پڑھا کریں یا چینی کی رکابی پر لکھیں اور دھو کر پلائیں تو سحر کا اثر نہ ہوگا۔

جو شخص سورہ معوذتین کو سوتے وقت پڑھیں تو اس پر سحر اثر نہ ہوگا۔ جو شخص مقطعات قرآن کو کاغذ پر لکھ کر وہ سحر اور نظر بد سے بچا رہیگا حروف مقطعات وہ ہیں جو قرآن پاک کی بعض سورتوں کے شروع میں ہیں یہ 28 میں ہرن کی کھال پر دم کر کے گلے میں ڈالیں۔

قَالُوا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ فَلَمَّا اَلْقَوْ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى

سحر جادو جس کے کاروبار بند ہو چکے ہیں ان کے کاروبار کھولنے کے لیے بتیاں بنائیں جس میں یہ لکھیں۔

ملیغا ملیغا انت القلم مافی قلوبهم طلیغا فرعون ملعون هامان ملعون قارون ملعون رجال ملعون ابلیس ملعون یاجوج ملعون

بخش کوتوال کو مقرر کیا تا کہ جو کچھ آسیب، جن پری بھوت، دیو، چڑیل، خبیث سحر جادو ہو یا فلاں بن فلاں کے وجود میں جو چیز ہو اور آزار دے رہی ہو مزاحمت کرتی ہو سحر فتان کر کے چراغ کے فتیلہ میں حاضر کرے اور جلا کر خاکستر کرے تا کہ دوبارہ مزاحمت نہ کر سکے اور دفع ہو۔ گیارہ بتیاں بنائیں گیارہ مٹی کے چراغ لیں۔ روزانہ چراغ کو ایسی جگہ پر رکھیں جہاں پر مریض کی نظر بھی پڑے۔ ساتھ ایک پھایا عطر کا رکھیں اور چند پھول بھی رکھیں۔ بتی جلائیں اور خیال رہے کہ بتی پوری جل جائے۔ اور خیال رکھیں کہ پوری بتی جل جائے۔ صبح لوگوں کے اٹھنے سے پہلے ہی چراغ آمیں بچا ہوا تیل یا بچی ہوئی بتی عطر کا پھایا یا پھول سب کچھ دور کسی جگہ پر ڈال دیا

کریں۔ تیل سرسوں کا جلائیں اور نیا ہوگا اور نئی چیزیں ہوگی۔ گیارہ دنوں میں جتنے بھی سحر یا جادو ہوں گے خداوند کریم کے حکم سے ان کا صفایا ہو جائے گا۔

یہ لوح قاعدہ حکم افلاطون کے خاص معمولات میں سے ہے۔ اس عمل کو اگر خود تیار نہ کر سکیں تو ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے تیار کروائیں۔ آئندہ تحفظ کیلئے روزانہ کم از کم 300 مرتبہ کلمہ طیبہ چار قل شریف پڑھا کریں اسکی بے پناہ برکات ہیں۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور محمد ایاز مزمل حسین شاہ کے حق میں دعائے خیر کریں یہ لوح تحفظ سفید کاغذ پر عنبر و زعفران سے لکھ کر پاس رکھیں۔ اسکے ہوتے ہوئے آپ ایسا محسوس کریں کہ کوئی آپکے ارد گرد امداد کر رہا ہے۔

اللہ پاک سے دعا ہے کہ خداوند کریم آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے پھر بھی کسی کو سمجھ میں نہ آئے تو ادارہ روحانیات سے رجوع کر سکتے ہیں۔



دفع امراض معدہ

امراض معدہ آج کل کے دور میں ہر خاندان میں پائے جاتے ہیں۔ معدہ کے مرض سے اکثر ڈاکٹر اور حکیم لاچار ہو چکے ہیں۔ کیونکہ معدہ کے امراض میں زیادہ تر لوگ مبتلا ہیں۔ ڈاکٹروں کے پاس جاتے ہیں تو ڈاکٹر طرح طرح کی دوائیاں لکھ دیتے ہیں۔ تو آج کی محفل میں روحانیات کیلئے امراض معدہ روحانی علاج کیساتھ حاضر ہوں۔ اس علاج میں 90 دنوں میں مریض خداوند کریم کے حکم سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ میرے پچھلے نو سال

سے یہ تجربہ میں ہے۔سب سے پہلے تو مریض دو نفل برائے توبہ کے پڑھے۔اور ایک کلو اجوائن اور سونف لیکر جب قمر مشتری کی یا زحل قمر تثلیث یا تسدیس بن جائے تو مندرجہ ذیل پڑھائی کریں۔اس پر 300 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔اس ماہ قمر مشتری تسدیس اور تثلیث زحل قمر تثلیث تسدیس ہر ماہ کی قمری نظرات مزمل روحانی جنتری 2012ء سے دیکھ سکتے ہیں۔

روزانہ اسے صبح شام ایک ایک تولہ کھایا کریں۔خداوند کریم اب العزت کے فضل وکرم سے مریض بالکل ٹھیک ہوجائے گا۔

الٓمٓ-الٓمٓصٓ-الٓرٰ-الٓمٓرٰ-کٓہٰیٰعٓصٓ-طٰہٰ-طٰسٓمٓ-طٰسٓ-یٰسٓ
وَمَا یَسْطُرُوْنَ

اس پڑھائی کو 300 مرتبہ دم کروائیں اور ایک نقش چارقل شریف کا عنبر وزعفران سے جب قمر عطارد کی نظر تثلیث یا قران ہو تو اس میں 40 عدد چارقل شریف کے نقش لکھ کر روزانہ فجر کی نماز کے بعد پانی میں ڈال کر پی لیا کریں۔

۷۸۶

۸	۱۱	۲۱۷۳۵	۱
۲۱۷۳۴	۲	۷	۱۲
۳	۲۱۷۳۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۱۷۳۶

لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْـتَ سُبْحٰـنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ، سَلٰامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ

یہ 40 نقوش عنبر زعفران سے لکھیں۔رات کو ایک تولہ سونف ایک تولہ اجوائن پیس کر کھایا کریں۔اور صبح کے وقت ایک نقش روزانہ پیا کریں۔اور 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ روزانہ پڑھنا معمول بنالیں۔خداوند کریم رب العزت کے قلم سے معدہ کا تمام امراض بحکم خداوند کریم ختم ہوجائیگا۔بعض اوقات سحر جادو سے معدہ کے امراض کو باندھتے ہیں۔تو اسکے علاج کیلئے چارقل شریف کا نقش 90 عدد عنبر وزعفران سے لکھیں اور روزانہ ایک نقش پیا کریں۔اور ایک کاغذ پر نقش لکھ کر یعنی مربع آتشی چال سے لکھ کر 40 پرچیاں 40 بتیاں بنا کر روزانہ ایک مربع بتی جلایا کریں۔اور ایک کلو سونف، ایک کلو اجوائن پر 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ، 41 مرتبہ سورۃ الناس، 41 مرتبہ سورۃ الفلق، اور ایک مرتبہ سورۃ ابراہیم اور پھر ایک مرتبہ سورۃ عبس پڑھکر اجوائن اور سونف پر دم کریں۔یعنی ایک ایک پاؤ اجوائن اور سونف کوئلہ کے اوپر روزانہ ایک ایک تولہ ڈال دیا کریں۔اور مریض کو دھونی دینی ہے۔اسطرح کے مرض میں سحر جادو کے مرض کو ختم کرنے کیلئے مندرجہ ذیل نقش بھی لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم	یا حکیم
یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع	یا مطیع
یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم
یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن	یا رحمٰن

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَاوَکِیْلُ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ فَاللّٰہُ خَیْرًا حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

یہ نقش مریض کے گلے میں ڈالیں۔اور 90 اگربتیاں لیکر اس پر ایک مرتبہ سورہ الشمس، ایک مرتبہ سورہ ابراہیم گیارہ مرتبہ چارقل شریف پڑھ کر دم کریں۔صبح وشام ایک ایک بتی کو جلانا ہے اسکے ساتھ تمام قسم کا سحر جادو ختم ہوکر مریض بالکل خداوند کریم کے فضل وکرم سے ٹھیک ٹھاک ہوجائے گا۔اور مریض روزانہ چاول باجرے کا صدقہ پرندوں کو ڈال دیا کریں۔اللہ پاک رب العزت کے قلم سے دو تین ماہ کے اندر اندر ٹھیک ہوجائے گا۔

اس عمل کرنے کی سب کو اجازت ہے۔اسکے باوجود بھی کوئی شخص یہ عمل خود نہ تیار کرسکے تو مجھ سے یا براہ راست محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔اللہ پاک رب العزت محمد ایاز مزمل حسین شاہ کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین!

اختر بک ڈپو، فیصل بازار، سرگودھا۔0334-9809184
ادارہ روحانیات

کتاب حروف صوامت سے اقتباس

تحریر
منظور سموں
ٹنڈو محمد خان

" اسم سلام " (سلامت رکھنے والا)

جب قیامت کا دن ہوگا۔ نفسا نفسی کا وقت ہوگا۔ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک پر اسم یا سلام کا ذکر جاری ہوگا۔ جب آپ کی اُمت پل صراط پر سے گزر رہی ہوگی۔ چنانچہ آپ فرماتے ہوں گے اے سلام سلامت رکھ میری امت کو۔

اس اسم مبارک کو لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے گا وہ کبھی کوئی برائی نہ دیکھے گا۔ اور جو کثرت اس اسم مبارک کا ذکر کرے گا وہ ہر ایک آفت سے سلامت رہے گا۔ اس اسم مبارک کو کثرت سے ذکر کرنے والا ہر مرض رمصیبت جنات آسیب نظر بد سحر جادو وغیرہ سے محفوظ و سلامت رہے گا۔ اگر اس اسم مبارک کا نقش مبارک پاس رکھیں تو بھی ہر طرح سے سلامت رہیں گے۔

۷۸۶

م	ا	ل	س
۲۹	۶۱	۳۹	۲
۵۸	۲۸	۳	۴۲
۴	۴۱	۵۹	۲۷

اگر اسم یا سلام کو ۱۳۱ مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کرے تو مریض کو شفاء ملے گی۔

عملیات اسم " المصور "

" المصور " (صورت نقش کرنے والا)

جو شخص کثرت سے اس اسم مبارک کا ذکر کرے اور نقاشی یا جائز مصوری سیکھنے کا ارادہ رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اُس کا سیکھنا آسان کر دے گا۔

برائے اولاد :۔ بے اولاد مرد و عورت اس اسم مبارک کا کثرت سے ذکر کریں سات روزے رکھیں اور ہر روز افطار کے وقت اسم المصور کو ۳۳۶ مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کریں اور اس پانی سے افطار کرے تو اسے اللہ تعالیٰ اولاد نصیب عطاء فرمائے گا۔

۷۸۶

ر	و	ص	م
۸۹	۴۱	۱۹۹	۷
۴۲	۹۳	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۴۳	۹۱

اسم المصور کے نقش مبارک پیر کے دن لکھ کر جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہے وہ عورت اپنے پاس رکھے تو حمل نہ کرے گا۔

اس اسم مبارک کے اعداد موافق جس شخص کے نام کے اعداد ہوں گے اس کے حق میں تو اسم اعظم ہے۔

عملیات اسم العدل

" العدل " (انصاف کرنے والا)

اس اسم مبارک کو پتھر پر نقش کر کے اپنے پاس رکھنے والا عادل ہو جاتا ہے۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اس اسم مبارک ذکر کرے گا تو اللہ تعالیٰ استقامت اور عدل نصیب کرتا ہے۔ اور مشاہدات قدرت ملاحظہ کرتا ہے۔

اس اسم مبارک کا ذکر کرنے والا شخص اگر کسی ظالم پر بددعا کرتے تو وہ ظالم فوراً گرفتار ہو جائے گا۔

جو شخص جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اس اسم کو لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ مخلوق کو اس کے لئے انشاء اللہ مسخر فرمادے گا۔

اس اسم مبارک کا ذکر کرنے سے یا اس کے نقش مبارک کو پاس رکھنے سے سچ بولنے اور سچ کہنے کی عادت پڑ جاتی ہے خاص طور روکیل۔ جج۔ ہر دکاندار جو چیزوں کو تولتے ہیں یا کسی چیز کو ناپتے ہیں وہ حضرات اس اسم کو لازمی ذکر کریں یا نقش اپنے پاس رکھیں تاکہ وہ درست فیصلہ کر سکیں اور دکاندار حضرات چیزوں کو انصاف کے ساتھ ناپ تول کر سکیں۔

۷۸۶

ل	د	ع
۶	۶۹	۲۹
۶۸	۳۱	۵

" الواسع " (وسعت دینے والا)

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا رزق علم اور سینہ کشادہ کرتا ہے۔ عمر دراز ہو جاتی ہے۔ اس کے ذاکر کو کوئی تنگی نہیں ہوتی ہر ایک کام اللہ تعالیٰ آسان کر دیتا ہے۔ بادشاہ یا امیر اس اسم کا ورد کرے تو اس کا ملک وسیع ہو جائے۔ اگر کسی حاسد دشمن نے سحر جادو کے زور پر رزق روزگار پر بندش کر ڈالی ہو اور تنگی رزق ہو چکی ہو تو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھا جائے۔

امجد نیوز ایجنسی، تحصیل و ضلع قصور کوٹ رادھا کشن۔
0300-8822492
0300-4992290
ادارہ روحانیات

شرف قمر کی اثرات القمر

با موکل کا موثر عمل

تحریر:
خضر عباس بیاسی
فاضل پور بستی ضلع راجن پور

شرف قمر کا با موکل کا موثر عمل جملہ دنیاوی امور کی کشائش کے لئے عظیم کرشمہ علم جفر کا سہل ترین عمل ہے نظام شمسی 9 ستاروں پر مشتمل ہے۔ جس میں زمین بھی شامل ہے یہ سب نیر اعظم شمس (سورج) کے گرد گردش کرتے ہیں۔ شمس خود بھی مقررہ رفتار سے محو سفر ہے۔ جدید سائنس کی نظر میں ستاروں کے اثرات یہ ہیں:

مودات عالم کا روحانی پہلو	سیارے	موجودات کا دنیاوی پہلو
جاہ وجلال	شمس	غصہ ڈکٹیٹرشپ
صحت، عدل، آسائش	قمر	بے ثباتی
اشتیاق تبدیلی، ایجادات	یورینس	روح (امر اللہ)
علم نجوم، مخفی علوم	نیپچون	عقل ودانش
تسخیر خلق، تفریحات، حسن پرستی	زہرہ	محبت، جذبات
جائیداد	زحل	تجربات، معلم، ستار تخت یا تخت
قلمکاری، حصول علم لکھنا پڑھنا	عطارد	دماغ، سوچ وبچار
قوت افواج پولیس	مریخ	حادثاتی موت، جھگڑا فساد
دولت غنا، خوش حالی	مشتری	وجدان، مذہب

تمام سیارگان روشنی کے لئے سورج کے محتاج ہیں اسی سے اکتساب نور کر کے دنیا پر اپنی شعاعیں ڈالتے ہیں جن سے کافی تغیرات تجربہ میں آتے ہیں مثلاً چاند کی شعاعوں کا اثر انسان کے دماغ پر اور سمندر میں اس کے مدو جزر پر مرتب ہوتا ہے۔ قمر ہمارے قریب ترین فلک اول (پہلے آسمان) میں دورہ کرتا ہے اس کا متعلقہ دن پیر ہے۔ پیر کی پہلی ساعت قمر کی ہوتی ہے جو نہایت سعد ہوتی ہے ہر نیا کام اسی ساعت میں شروع کیا جائے تو کامیابی حاصل ہوتی ہے قمر خوش خلق ستارہ ہے اور رزق سے اس کا گہرا تعلق ہے۔ قمر کا متعلقہ رنگ ہلکا سفید یا سبز ہے طبع سرد، اس کی سمت شمال، لذت شیریں، مزاج جمالی فطرت سعد اکبر ہے۔ اس کا متعلقہ برج سرطان ہے۔ قمر کے لئے بہترین صدقہ زردہ شیریں، چاول، سفید، چینی، دودھ، اصل روغنی زرد (دیسی گھی) گلاب ہے۔ متعلقہ خوشبو عطر، کیوڑہ، عطرہ گلاب ہے۔ متعلقہ مہینہ شعبان المعظم ہے۔ عملیات میں ابجد قمری کا بہت زیادہ عمل دخل ہے۔ قمر 28 شب وروز میں اپنی متعلقہ 28 منازل طے کرتا ہے جو شرطین سے شروع ہو کر رشا تک ختم ہوتی ہے۔ ہر منزل کا تعلق ابجد قمری کے ایک ایک حرف سے ہے۔ جو شخص 28 حروف ابجد قمری کی سادہ زکات لکھے اور پڑھے تو اس زبان اور تحریر میں غضب کا اثر ہو جاتا ہے۔ یہ زکات اصغر کہلاتی ہے، عامل کامل کی اجازت کے بعد با موکل زکات ابجد قمری شروع کریں ورنہ پاگل پن کا اندیشہ ہے۔ یا حادثاتی موت ہو گی۔ حروف ابجد قمری کی تکمیل زکات کا پرچہ مع اجازت نامہ جوابی لفافہ بھیج کر مفت طلب کریں۔ ہر ستارہ کی لوح بنانے کا اختیار صرف اسی عامل کو ہے جو ابجد کی زکات اصغر واکبر اور چلہ کشی مکمل کر چکا ہو ورنہ فراڈ ہے۔ تین یوم میں ہر کام مکمل کرنے والے اور سیکنڈوں میں محبوب کو قدموں میں گرانے والے اشتہاری عاملوں سے دور رہیں۔ آپ سدا علم سے وابستہ رہیں۔ علم نور ہے روشنی ہے خود شناسی ہے اس سے رب کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔

شرف قمر: ایک ہی لوح میں 5 یکجا مقاصد

ترقی، رزق، صحت یابی، عدل و سلامتی

قمر کو برج ثور میں درجہ 3 پر شرف ہوتا ہے اس کا متعلقہ ملک جبرائیل علیہ السلام ہے۔ جن کا ورد (یارحمٰن یارحیم) ہے اور قمر کا متعلقہ موکل اسمائیل ہے۔ شرف قمر میں جو شخص رحمٰن یارحیم 556 بار محلول گلاب زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے فوائد بے بہا حاصل کرے گا۔ اپنے سے زیادہ طاقت ور مخالف نے تنگ کر رکھا ہو تو پرانی قبر کی مٹی بھر خاک پر مکمل سورہ فجر ایک بار پڑھ کر دم کریں اور یہی خاک دشمن کے گھر میں پھینک دیں تو بحکم اللہ تعالیٰ ظالم کو ذلیل وخوار کرے گا۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

دولت، عزت، شہرت، فتح یابی آپ کے دروازے پر دستک رہی ہے

لوح شرف قمر کا ساز مطلق رب کریم ہے جب کوئی شخص عمل کرتا ہے تو اس کے متعلقہ موکل حکم غیبی کے منتظر ہوتے ہیں۔ شرف قمر کے دن چونکہ برکات انوار کی خاص تجلی ہوتی ہے۔ اس لئے اس شرف میں

پاکستان بک ڈپو، ٹریفک چوک جام پور۔ 0641-567520
ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

اصولی طور پر عمل کیا جائے تو تاثیر میں شک نہ کریں۔ یقین کامل کے ساتھ کئے گئے عمل سے اللہ کے پاک کلام اور بزرگوں کی ترکیب میں ضرور اثر ہوتا ہے کیونکہ قرآن مقدس میں فرمان خداوندی ہے کہ اللہ کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا۔ اس موقع کو ہرگز ہاتھ سے نہ جانے دیں اور طریقہ کار میں غلطی نہ ہونے دیں۔ فراڈ عاملوں کی چرب زبانی میں نہ پھنسیں۔ صرف اور علم سے وابستہ رہیں۔

طریقہ کار لوح شرف قمر:

(1) ترقی عہدہ، ترقی روزگار، کاروبار ہر قسم کی ترقی کے لئے آیت ''لا الٰہ الا اللہ رفیع جلالہ ''لیں۔ اس کے عدد 594 ہیں اس کے موکل کا نام جنائیل ہے۔ متعلقہ اسم یا رفیع ہے۔

(2) حصول دولت خوش بختی، خوش قسمتی، بخت آوری انعامی بانڈ، رزق کے لئے آیت ''یغنیھم اللّٰہ من فضلہ ''لیں اور اس کے عدد 2186 ہیں۔ اس کا موکل ھمقغغائیل ہے، اسم احسن یا غنی ہے۔

(3) اگر کوئی اور کام رکا ہوا ہے کامیابی یا فتح یابی درکار ہے یا کوئی خواہش پوری نہ ہوئی ہو، انتخابات میں کامیابی مطلوب ہے تو آیت ''نعم المولیٰ و نعم النصیر ''لیں اور اس کے عدد 824 ہیں۔ اس کا موکل جفذائیل ہے اور اسم احسن یا نصیر ہے۔

اب اپنے نام کے عدد ابجد قمری سے لیں۔ مثلاً منور حسین بن نور بی بی اعداد ۴۰۷ جمع آیت نمبر۱ کے اعداد ۵۹۴ + آیت نمبر۲ کے اعداد ۲۱۸۶ + آیت نمبر۳ کے اعداد ۸۲۴ کل مجموعہ میں سے عدد ۱۲۰ تفریق کیا تو ۴۳۰۸-۱۲۰=۴۱۸۸ کو ۴ پر تقسیم کریں تو ۱۰۴۷ حاصل قسمت ہوا۔ تقسیم کرنے سے باقی ایک بچے تو خانہ نمبر ۱۳ اگر ۲ بچے تو خانہ نمبر ۹ اور اگر ۳ بچے تو خانہ نمبر ۵ میں الگ عدد کے اضافہ سے تکمیل نقش ہوگی۔ (نوٹ: قمر کا مزاج آبی ہے لہٰذا اس لوح کا نقش مربع آبی چال سے مکمل ہوگا۔)

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش مربع کی یہ چال دفع مرض سحر، جادو، دفع آسیب برائے حصول دولت، خوش بختی، خوش قسمتی، بخت آوری، انعامی بانڈ، فراخی رزق، رکے ہوئے کام کھولنے میں، ہر کام میں کامیابی، فتح یابی کے لئے خاوند، اولاد، بیوی محبوب کی فرمانبرداری کے لئے مجرب و موثر ہے۔ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بندگان خدا کی مزید روحانی خدمات کا موقع مرحمت فرمائے۔ امین ثم امین۔

مثالی لوح شرف قمر: یہ لوح صرف مجھے کام دے گی، ہر شخص کی لوح الگ الگ بنتی ہے۔

لوح میں نقش مسبع کے اضلاع قائم کریں۔

۱۰۹۹	۱۰۴۷	۱۰۷۵	۱۰۸۷
۱۰۷۱	۱۰۳۴	۱۰۴۷	۱۰۰۲
۱۰۷۹	۱۰۱۹	۱۰۰۶	۱۰۵۹
۱۰۵۹	۱۰۵۵	۱۰۳۵	۱۰۱۵

خانہ پُری کے بعد نقش کے میزان کو چاروں طرف سے چیک کرلیں کہ درست ہے۔ لوح کے نیچے یہ عزیمت بھی لکھیں۔

یا رافع ارفع منور حسین بن نوری بی اجب یا جنائل بحق لا الٰہ الا اللّٰہ رفیع جلالہ یا غنی اغن منور حسین بن نور بی بی اجب یا ھمقغغائیل بحق یغنیھم اللّٰہ من فضلہ یا نصیر انصر منور حسین بن نور بی بی اجب یا جفذائیل بحق نعم المولیٰ و نعم النصیر۔

عوام کے لئے منور حسین بن نور بی بی کے بجائے ان کا نام مع والدہ درج ہوگا اور ہر فرد کی لوح الگ الگ کنندہ ہوگی۔ ہم لوح پر متعلقہ ورد خود کریں گے۔ اس لوح کو پلاسٹک کوٹ کرنے کے بعد اس لوح کو سبز ریشمی ڈوری ڈال کر کمرہ میں لٹکانا ہے۔ اس لوح کی برکت سے بہت جلد آپ اپنے مقصد میں کامیابی دیکھیں گے۔ وہ لوگ جو کسی امر میں مایوس ہیں۔ انہیں دعوت دیتا ہوں کہ لوح شرف قمر بنوا کر تاثیر خود ملاحظہ کریں۔ اللہ تعالیٰ حیرت انگیز اسباب حاجت روائی پیدا فرمائے گا کہ انسانی عقل دنگ رہ جائے گی۔ میری دلی دعا ہے کہ اللہ رب العزت رحمٰن رحیم ہمیشہ آپ کو کامیاب و سرفراز فرمائے۔

سنہری عادت: کھانے پینے کے سلسلہ میں سیدنا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادت مبارکہ یہ تھی کہ آپ ﷺ نے کسی بھی کھانے پر اپنے آپ کو پابند نہیں کیا، کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسری غذا کا استعمال آپ کے لئے مشکل بنے۔ نہ کسی مخصوص غذا کا اپنے آپ کو عادی بنایا۔

رحمان نیوز ایجنسی، شاہی بازار بہاول پور۔ 0300-9688944 — ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

شرف مریخ

تحریر:
خضر عباس پیاسی
فاضل یونیورسٹی ضلع راجن پور

برج اسد میں 19 درجے پر مریخ کو اوج ہوتا ہے یہ وقت فتح ونصرت کے لئے کارآمد ہوتا ہے جن میاں بیوی میں تفرقہ ہے یا کسی بڑی جماعت میں عرصہ دراز سے دشمنی وخصومت چلی آ رہی ہے یا کسی کو کسی کی دشمنی کا خوف واندیشہ ہے یا کسی میدان جنگ یا خطرناک مقام پر جانے کا خوف ہے یا کسی بڑی جماعت پر فتح پانا مقصود ہے اور اس سے حفاظت بھی درکار ہے یا مقدمہ میں فتح حاصل کرنا ہے ان تمام مقاصد کے لئے یہ نقش کام دے گا اس کو "تیغ بند" کہتے ہیں۔ یہ آپ کی جان ومال، اولاد، روزگار کا محافظ بھی ہے۔ آیت مبارکہ نصر من اللہ وفتح قریب کے اعداد نکالیں جو 1302 ہوں گے۔ ۱۷ حروف ۱۰ نقطہ ہیں کل 1329 ہوئے۔ اگر فتح مندی مقصود ہے تو صرف انہیں اعداد کا نقش ۹×۹ لوح پر تیار کرنا ہے اگر کسی شخص پر فتح پانے کی ضرورت ہے تو یہ لوح تیر کی طرح کام کرے گی۔ وقت مقررہ پر غسل کریں صاف کپڑے پہن کر تنہائی میں بیٹھ جائیں اور نئے قلم لے کر اس نقش کو سفید چاندی کی لوح پر لکھیں نقش پُر کرنے کا طریقہ اور چال درج کی جاتی ہے۔ کل تعداد ۳۶۰ عدد تفریق کریں باقی کو ۹ پر تقسیم کریں۔ جو خارج قسمت ہو اس کا خانہ اول میں رکھ کر نقش کو پُر کریں اگر باقی ایک بچے تو خانہ ۷۳ میں ۲ خانہ ۶۴ میں ۳ خانہ ۵۵ میں کسر ۴ خانہ ۶۴ میں اور کسر ۵ خانہ ۳۷ کسر ۶ خانہ ۲۸ میں کرے خانہ ۱۰ میں ایک اور اضافہ کریں۔ لوح پُر ہو جائے گی۔ پُر کرکے چاروں طرف سے میزان کرکے دیکھ لیں کہ نقش درست ہے یا نہیں جب تیار ہو جائے تو سرخ ریشمی کپڑے میں سی کر تبرکات کی صندوق میں رکھ لیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے فتح مندی اور نصرت عطاء فرمائے گا۔

میں اس لوح پر مکمل ورد آیت '**نصر من اللہ وفتح قریب**' خود مکمل کروں گا اور لوح کو سونا پالش بھی خود کروں گا۔ بوقت تیاری لوح متعلقہ بخورات خود جلاؤں گا۔ متعلقہ صدقات بھی خود ادا کروں گا۔

اکثر افراد مجھ سے شمس، قمر، زہرہ، عطارد، زحل، مشتری کی الواح بنوا چکے ہیں وہ ساتویں ستارہ مریخ کی لوح ضرور بنوالیں تاکہ سیٹ مکمل ہو جائے۔ ہر فرد کے لئے ایک لوح زندگی بھر کے لئے کافی ہوتی ہے۔

لوح مریخ کی فرمائش میں اپنا نام، والدہ کا نام، مکمل پتہ صاف صافت تحریر کریں اور ہمیں بھجوائیں۔ چال یہ ہے:

۷۸۶

نصر من اللہ وفتح قریب

۵۰	۵۸	۶۶	۷۴	۱	۱۸	۴۶	۴۳	۴۲
۶۰	۶۸	۷۶	۳	۱۱	۱۹	۳۶	۴۴	۵۲
۷۰	۷۸	۵	۱۳	۲۱	۲۹	۳۷	۵۴	۶۲
۸۰	۷	۱۵	۲۳	۳۱	۳۹	۴۷	۵۵	۷۲
۹	۱۷	۲۵	۳۳	۴۱	۴۹	۵۷	۶۵	۷۳
۱۰	۲۷	۳۵	۴۳	۵۱	۵۹	۶۷	۷۵	۲
۲۰	۲۸	۴۵	۵۳	۹۱	۶۹	۷۷	۴	۱۲
۳۰	۳۸	۴۶	۶۳	۷۱	۷۹	۶	۱۴	۲۴
۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۸۱	۸	۱۶	۲۴	۳۲

محمد حسین نیوز ایجنسی، فوارہ چوک، جھنگ صدر۔ 0300-6505087
ادارہ روحانیات

روحانی علاج

تحریر: باباصدف انبالوی (ملتان)

درد سر

جس کو درد سر ہو اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ

برکات سورہ واقعہ

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

چہرہ چمکے

جو کوئی اس آیت کریمہ کو بعد نماز کے گیارہ مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا منہ چمکے گا۔

إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ

شہید کا درجہ پائے

وَاللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ

اسم اعظم اس میں مخفی ہے جو کوئی صبح کے وقت سات مرتبہ پڑھے تو شام تک اس کے لیے فرشتے مغفرت کی دعا کریں اور اگر اس دن میں مرے تو شہید کا درجہ پائے گا اور اگر شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لئے فرشتے مغفرت کی دعا کریں اور جو اس شب کو مرے تو درجہ شہادت کا پائے گا۔

ناف ٹل گئی ہو

جب کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

شر سے نجات

اگر کسی شریر ظالم کو شر سے نکالنا ہو تو ہر روز نہار منہ سرخ گھونگھچی پر ایک بار سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر اس گھونگھچی کو کنوئیں میں ڈالتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص اس شہر سے جلد چلا جائے گا۔ اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے مگر اس کو ناجائز جگہ پر عمل نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَأَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ

فراخی رزق کیلئے

فراخی رزق کیلئے درج ذیل کا ورد بعد نماز کثرت سے کیا کرے

اللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ

آیات شفا

ان آیات شفا کو جس مرض میں چاہے تشتری پر لکھ کر مریض کو پلائے یا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت یابی ہوگی۔ اگرچہ کیسا ہی سخت مرض کیوں نہ ہو۔

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ۝ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ ۝ يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ

سب آفتوں سے محفوظ

سُبْحٰنَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ

گھوڑے یا دوسری سواری پر سوار ہوتے وقت اس آیت کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ سب آفتوں سے محفوظ رہے گا

ادارہ روحانیات
گلستان نیوز ایجنسی، فریئر مارکیٹ، کراچی۔ 0300-2680248

روحانی علاج

تحریر
خضر عباس پیاسی
راجن پور

بچہ رونے سے بازرہے

یہ نقش لکھ کر کاغذ پر بچہ کے گلے میں ڈالے تو وہ رونے سے باز رہے گا اور ضد نہ کرے گا آزمودہ ہے۔

۶	۱۲۲	۱۳	۱۴۰
۱۳۹	۱۳	۱۴۲	۲
۱	۱۴۰	۷	۱۱۳
۴۹	۹	۱۳۴	۳۰

اولاد نرینہ: نرینہ حمل کے لیے گوشت کا ایک ٹکڑا لے کر پکایا جائے پھر اس میں ایک حصہ الگ کر کے اس پر ان آیتوں کو گیارہ بار پڑھ کر عورت کو کھلایا جائے تو اللہ کے فضل سے بیٹا پیدا ہونے کی قوی امید ہے آیتیں یہ ہیں۔

فَرَاغَ اِلیٰ اَھلِہٖ فَجَآءَ بِعِجلٍ سَمِینٍ ۝ فَقَرَّبَہٗ اِلَیھِم قَالَ اَلَا تَاْکُلُونَ ۝ فَاَوجَسَ مِنھُم خِیفَۃً قَالُو لَا تَخَف وَبَشَّرُوہُ بِغُلَامٍ عَلِیمٍ ۝ فَاَقبَلَتِ امرَاَتُہٗ فِی صَرَّۃٍ فَصَکَّت وَجھَھَا وَقَالَت عَجُوزٌ عَقِیمٌ ۝ قَالُو کَذٰلِکِ قَالَ رَبُّکِ اِنَّہٗ ھُوَالحَکِیمُ العَلِیمُ ۝

درد شقیقہ دورہو

یہ نقش بروز اتوار لکھے اور کیل پر باندھ دے تو انشاء اللہ سر کا درد دور ہو جائے گا نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

۴۰	۵	۳۷	۲۸
۴۶	۲۷	۳۲	۱۹
۵۳	۳۴	۲۵	۵۷
۸۶	۲۴	۵۸	۷۸

سفر میں تھکاوٹ اورکسی قسم کی تکلیف

اگر سفر جاتے وقت کوئی شخص یہ نقش لکھ کر حفاظت سے اپنے ساتھ لے جائے انشاء اللہ تعالیٰ اسے راستے کی تکان یا کسی قسم کی تکلیف نہ ستائے گی۔

۷۸۶			
مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی
قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم

وبائے ہیضہ

وبائے ہیضہ کے دنوں میں یہ تعویز گلے میں پہنے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶			
۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۱۴	۱۹	۱۸	۲۹

بانجہ پن دورہو

اگر بانجھ عورت یہ تعویز گلے میں ڈالے تو بفضل خدا بانجھ پن دور ہو۔

۷۸۶		
۵	۱۲	۱
۲	۶	۱۰
۱۱	یاحی	۷

☆☆☆☆

جدہ نیوز ایجنٹ ،توپانوالہ چوک ڈیرہ اسماعیل خان۔ 0966-716207
ادارہ روحانیات

قرآنی آیات مجرب اور آزمودہ دعاؤں سے حل مشکلات

تحریر: سید مبارک حسن کاظمی (کراچی)

قرآن حکیم انسانوں کے لئے سرچشمہ ہدایت اور رحمت ہے جب کوئی اللہ کا بندہ خلوص نیت کے ساتھ اپنا دکھ درد اور پریشانی بیان کرتا ہے تو یہ اس بندے کی رہنمائی کرتا ہے اور اس کو تمام مشکلات اور پریشانیوں سے نجات دلاتا ہے آج کل مہنگائی نے لوگوں کی کمر توڑ دی ہے، معاشی اور روزگار کے حالات خراب سے خراب تر ہوتے جا رہے ہیں۔ دولت اور رزق کا سکون میسر نہیں ہے۔ بیماریاں، مقدمہ، شادی، کاروبار کا نہ چلنا وغیرہ۔ جس کی وجہ سے انسان پریشان رہتا ہے اور ان سے نجات حاصل کرنے کے لئے کوشش کرتا ہے۔ دنیا کا کوئی مسئلہ ایسا نہیں کہ جس کا حل قرآن مجید میں نہ ہو، قرآن پاک اللہ کی طرف سے مسلمانوں اور پوری دنیا کے لوگوں کے لئے ایک ایسا نسخہ ہے جس کے بارے میں اللہ نے خود فرمایا ہے کہ مومنوں کے لئے شفا ہے۔ بشرطیکہ انسان خلوص دل، خلوص نیت اور رجوع قلبی سے دعا مانگیں تو انشاء اللہ ضرور قبول ہوگی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے: "مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔" دعا مومن کا ہتھیار ہے امام باقر علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے: "عبادت میں سب سے افضل عبادت "دعا" ہے۔"

نظر بد کی دوری:

نظر بد کی دوری کے لئے امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ اگر کسی کو نظر بد لگ جائے تو یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر پھونکیں۔ انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔ دعا یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔"

اولاد کی نافرمانی دور ہو:

اگر بیٹا گستاخ، آوارہ اور نافرمان ہو تو نماز فجر کے بعد 360 مرتبہ "یَا تَوَّابُ" اول آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں انشاء اللہ جلد ہی بچہ راہ راست پر آ جائے گا۔ یہ عمل روزانہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ کر دعا مانگ لیا کریں۔

جسم کا درد دور ہو جائے:

جسم میں کسی بھی جگہ درد محسوس کریں تو درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر درج ذیل آیت تین مرتبہ پڑھیں اور پھونکیں یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد یا روزانہ فرض نماز کے بعد کر لیا کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد صحت میسر آئے گی۔ دعا یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا"

موذی جانور کے کاٹے کیلئے

اگر موذی جانور کتا/سانپ وغیرہ کاٹ لے یا دشمنوں سے ڈر اور خوف ہو تو ان تمام چیزوں سے محفوظ اور حفظ وامان میں رہنے کے لئے درج ذیل آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر ان کی طرف پھونک دیا کریں۔ انشاء اللہ دشمنوں اور جانوروں سے کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ دعا یہ ہے:

"صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ" (سورہ بقرہ 18)

پرسکون نیند کیلئے:

اگر نیند نہ آتی ہو اور بے خوابی رہتی ہو، ڈراؤنے خواب دیکھتے ہوں تو رات کو جب سونے کے لئے بستر میں جائیں تو درج ذیل آیت کو چند بار پڑھ کر سویا کریں خوب نیند آئے گی۔ دعا یہ ہے:

"وَاِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا" (احزاب، 56)

دل کی بیماری دور کرنے کیلئے:

اگر آپ دل کی کسی بیماری میں مبتلا ہیں، گھبراہٹ محسوس کریں تو درج ذیل آیت کو اکتالیس مرتبہ روزانہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ خاص طور سے ہائی اور لو بلڈ پریشر میں مبتلا افراد اس آیت قرآنی کو لازمی پڑھیں انشاء اللہ بیماری اور گھبراہٹ میں افاقہ ہوگا۔ دعا یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ" (سورہ رعد، آیت 28)

فیصل نیوز ایجنسی، کچہری بازار، راجن پور۔ 0641-688663 — ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

امراض دل کا مجرب نسخہ

تحریر: ڈاکٹر مسز میجر کاظمی

دل کے امراض اور بند شریانیں کھولنے کا 18 سالوں سے استعمال ہو رہا ہے۔ شفا بخش مجرب نسخہ جس سے دل کی شریانیں کھولنے کے ساتھ ساتھ، کلسٹر دل، بلڈ پریشر کو نارمل کرتا ہے، نمونیا اور معدہ کے امراض، موٹاپا اور چربی کو ختم کرتا ہے۔ یہ اینٹی بائیوٹک کا کام بھی دیتا ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں اس قدرتی جڑی بوٹی سے سستا دل کا علاج کرائیں اور اپنے آپ کو آپریشن سے سو فیصد بچائیں۔ خوراک کی خوراک اور علاج کا علاج۔

نسخہ: دیسی لہسن کا رس 2 کپ   دیسی ادرک کا رس 2 کپ
لیموں کا رس 2 کپ   سرکہ سیب کا 2 کپ

اس کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب 1/3 حصہ رہ جائے تو اس کو اتار کے ٹھنڈا کریں۔ پھر اس میں بیری کا شہد ایک پاؤ ملائیں۔ اب اس پر سورۃ ابراہیم کی آیت 26 (وَمَثَل سے من قرار تک) 676 مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کریں۔ یا سلام، یا حفیظ 35000 مرتبہ دم کریں۔ **نوٹ**: کانچ کا برتن، تام چینی کا برتن، نان سٹکس برتن میں بنانا ہے۔ تمام کام باوضو کرنا ہے۔

خوراک: صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد ایک کپ گرم پانی میں بالا دوائی سے دو بڑے چمچ لیں۔

اس کے علاوہ زیتون کا تیل 4 بڑے چمچ روزانہ، اجوہ کھجور اور سادہ کھجور کی گٹھلیوں کا آٹا ایک چمچ شہد کے ساتھ روزانہ لیں۔ اور اپنی صحت یابی کے ساتھ ڈاکٹر کاظمی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھے گا۔ ڈاکٹر کاظمی کا یہ خاندانی بزرگوں کا نسخہ پاکستان کے علاوہ بیرون ممالک میں مختلف رسالوں، میگزینوں اور ریسرچ کتابچوں میں بھی کامیابی سے استعمال کیا جا رہا ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہ کی تعلیم کردہ دعائے برائے امراض قلب:

ہر واجب نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر پہلے درود پڑھے، پھر گیارہ مرتبہ (یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ) کہے اور بارہویں مرتبہ یوں کہے:

یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ) ترجمہ: اے زندہ! اے قائم رہنے والے، اے نہیں ہے کوئی معبود مگر، تو میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ زندہ کر دے میرے دل کو۔

دیگر امراض: مثلاً دمہ، نبض کا تیز چلنا، یرقان، السر، جوڑوں کا درد، ذہنی دباؤ، بریسٹ کینسر، ہاتھ پاؤں اور جگر کی گرمی، امراض رحم، رسولیاں، کثرت حیض، اولاد نرینہ، بلڈ پریشر، پرانا قبض، لیکوریا، تلی کی خرابی و سوزش، موٹاپا، چہرہ اور بدن پر جھریاں، گوشت کا ڈھیلا پن، چہرہ کی خوبصورتی اور رنگت، سگریٹ اور دیگر نشہ جات کی وجہ سے کمزور اور لاغر بدن کو دوبارہ ہشاش بشاش کرنے کیلئے اور دیگر بیماریوں کا بغیر آپریشن کرائے، ہربل، جڑی بوٹیوں، قرآنی آیات، تعویزات، وظائف، نقش، مائنڈ پاور، ریکی اور کونسلنگ سے علاج۔

ڈینگی سے بچاؤ

ڈینگی .... جس کا ایلوپیتھی میں کوئی علاج نہیں ہے لیکن .... قرآن پاک اور قدرتی پھلوں میں ہے شفاء اور بقاء۔ راقم الحروف نے اپنی آزمودہ ریسرچ کی ہے۔ ایلوپیتھی و دیگر علاج کے ساتھ درج ذیل تین عمل ضرور کریں۔ (اگر ڈینگی نہیں ہے تو بھی بطور حفاظت یہ عمل کرتے رہیں۔

☆ سورہ انعام آیت نمبر 15، 16، 17 بمعہ اسم الٰہی پڑھیں۔

یا حیُّ یا قیومُ یا ولی یا والی یا حفیظ یا رحمٰنُ یا رحیم ۔ قل انی اخاف اِن عَصَیتُ ربی عذاب یوم عظیم(۱۵) من یصرف عنه یومئذٍ فقد رحِمَهُ وذلك الفوزُ المُبین(۱۶) و ان یمسسك الله بضُرٍ فلا كاشف لهٗ اِلا هو واِن یَّمسسكَ بخیرٍ فهو علی كل شیءٍ قدیر(۱۷)

☆ سورۃ رحمٰن اور سورۃ تغابن پانی پر دم کر کے پئیں۔

☆ سورۃ ابراہیم آیت نمبر 26 (وَمَثَل کلمۃ کشجرۃ خبیثۃ ... مکمل آیت) 767 مرتبہ پڑھ کر روزانہ دعا مانگو۔ انشاء اللہ آپ چوتھے دن سے ہی حیرت انگیز طور پر شفائی مراحل طے کرنے لگیں گے۔

خوراک: وٹامن C والے پھل، ایک انار، ایک سیب، اس میں ایک لیموں، پپیتا کا رس ایک چمچ ایک گلاس میں۔ (نوٹ: ہر قرآنی آیت، سورۃ سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور لکھیں اور پڑھیں)

دانش نیوز ایجنسی، کشمیر روڈ مانسہرہ۔ 0333-6870706   ادارہ روحانیات

کتاب حروف صوامت سے اقتباس

تحریر
منظور سموں
ٹنڈو محمد خان

" الواسع " (وسعت دینے والا)

جو شخص اس اسم مبارک کا کثرت سے ذکر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا رزق علم اور سینہ کشادہ کرتا ہے۔ عمر دراز ہو جاتی ہے۔ اس کے ذاکر کو کوئی تنگی نہیں ہوتی ہر ایک کام اللہ تعالیٰ آسان کر دیتا ہے۔ بادشاہ یا امیر اس اسم کا ورد کرے تو اس کا ملک وسیع ہو جائے۔

اگر کسی حاسد دشمن نے سحر جادو کے زور پر رزق روزگار پر بندش کر ڈالی ہو اور تنگی رزق ہو چکی ہو تو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھا جائے یا اسم مبارک کا نقش اپنے پاس رکھے یا گھر دکان میں لگا دیں ایسی جگہ پر لگائیں جہاں سب کی نظر پڑے۔ اللہ کے حکم سے بند رزق روزگار دوبارہ سے جاری ہوگا اور کافی آمدنی ہوگی۔

۷۸۶

و	ا	س	ع
۵۹	۱۷	۵	۲
۶۸	۵۸	۳	۸
۴	۷	۶۹	۵۷

جو شخص بکثرت اس اسم کا ورد رکھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو ظاہری و باطنی غنا عطا فرمائے گا۔

" الحکم "

(مضبوط اور درست گفتگو کرنے والا)

اس اسم مبارک کا جو کوئی ذکر کرے تو اس کا حکم جاری ہو حکام کے واسطے مناسب ہے۔ اگر کوئی بھی حصول اقتدار کی خاطر اس اسم کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی مدد سے اس کو بہت جلدی ترقی ہوگی۔ اور محکمے کے افراد اس کی عزت کریں گے۔

۷۸۶

ح	ک	م	
۳۹	۱	۷	۲۱
۲	۴۲	۱۸	۶
۱۹	۵	۳	۴۱

جو شخص جمعہ کی رات میں یہ اسم مبارک اس قدر پڑھے کے بے حال و بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو کشف والہام سے نوازے گا۔

اس اسم مبارک کو کسی مشکل وقت میں پڑھ کر یا اس اسم مبارک کا نقش اپنے پاس رکھ کر کسی کے پاس جائیں جس میں کام کی تمنا ہو اس حکم کریں گے میرا فلاں کام کر دو انشاء اللہ اگر مشکل سے مشکل کام بھی ہوگا تب بھی وہ شخص خوش اسلوبی سے سرانجام دے گا۔

" الودود " (بڑا محبت کرنے والا) :

جو شخص ایک ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر کھانے والی اشیاء پر دم کر کے میاں بیوی کے ساتھ یا بیوی میاں کے ساتھ بیٹھ کر دہ کھانا یا اشیاء کھا لے تو انشاء اللہ میاں بیوی کا ایک دوسرے کے ساتھ چلنے والا جھگڑا ختم ہو جائے گا۔ اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

اس اسم مبارک کے پڑھنے والا دنیا میں عزیز الخلائق ہو جاتا ہے۔ واقف یا ناواقف لوگ محبت سے پیش آئیں گے۔

اس اسم مبارک کو جائز محبت کرنے کے لئے محبوب کا تصور باندھ کر 7 روز تک پڑھے یا اس اسم کا نقش تیار کر کے نام طالب مطلوب مع والدہ نقش کے نیچے تحریر کر کے کسی نیک ساعت میں اپنے بازو پر باندھا جائے اللہ تعالیٰ کے حکم سے محبوب محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

اگر اسم ودود کا نقش شرف زہرہ یا جمعہ کے دن پہلی ساعت زہرہ میں عرق گلاب و زعفران سے بخورات کے ساتھ تیار کر کے اپنے پاس رکھے جس پر نظر پڑے وہ محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔ تسخیر خلائق بے انداز ہوگی۔ یہ نقش جذب و مقناطیسی اثرات رکھتا ہے۔

۷۸۶

۱	۱۶	۳
۵	ودود	۱۵
۱۴	۴	۲

امجد نیوز ایجنسی، تحصیل وضلع قصور کوٹ رادھا کشن۔ 0300-8822492 0300-4992290 ادارہ روحانیات

Scanned with CamScanner

روحانی علاج

تحریر:۔ باباصدف ابالوی (ملتان)

آفت سے نجات

جس بچے کو پیاس ہو جائے یا دودھ پینا چھوڑ دے اس آیت کو لکھ کر اس بچے کے گلے میں ڈالنا یا کورے برتن میں لکھ کر اس میں پانی ڈال کر وہ پانی اس بچے کو پلانا نہایت مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ۔

باری کے بخار کا علاج

باری کے بخار کے علاج کے لئے پان پر لکھ کر تین روز تک برابر کھلانا بخار کی باری کو موقوف کرتا ہے۔ آیت یہ ہے:

وَقِيۡلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝ فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَقُلۡ سَلٰمٌ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ۔

استخارہ

اگر کسی شخص کو کسی مقدمہ یا کسی بڑے معاملہ کا انجام معلوم کرنا ہو وہ ان آیتوں کو تیرہ سو دفعہ نوچندی جمعرات کو بطور ختم پڑھ کر سو جائے ان شاءاللہ العزیز خواب میں بطور بشارت اس کام کا انجام جو کچھ ہونا ہوگا وہ سب معلوم ہو جائے گا۔ آیتیں یہ ہیں:

حٰمٓ ۝ وَالۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ۝ اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰهُ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنۡذِرِيۡنَ ۝ فِيۡهَا يُفۡرَقُ كُلُّ اَمۡرٍ حَكِيۡمٍ ۝ اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا اِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِيۡنَ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِيۡنَ ۝ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحۡیٖ وَيُمِيۡتُ ط رَبُّكُمۡ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِيۡنَ بَلۡ هُمۡ فِیۡ شَكٍّ يَّلۡعَبُوۡنَ۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ جمعرات کو روزہ رکھا جائے اور سارے دن کا اعتکاف کیا جائے۔ نماز پنجگانہ باجماعت ادا ہو۔ ایک نماز کے بعد دوسری نماز تک **عَالِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ** عامل برابر پڑھتا رہے۔ مغرب کی اذان پر روزہ کھول کر تھوڑی سی روغنی روٹی کھا کر ذرا سی دیر قطب کی طرف منہ کر کے لیٹا رہے اور برابر عالم الغیب والشہادۃ کی تسبیح جاری رکھے۔ پھر عشاء کی نماز پڑھ کر تین سو تیرہ دفعہ اس آیت کو پڑھ کر سو دفعہ **یَا نُوۡرُ یَا نُوۡرُ** پڑھ کر اسی جگہ سو جائے جو کچھ خواب دیکھے اُسے یاد رکھے انشاءاللہ جو مقصود ہو حاصل ہو جائے گا۔ جس بات کی اطلاع ہونی مقصود تھی وہ بات معلوم ہو جائے گی۔

شر سے حفاظت

ظالم قوم کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے جب تک خوف باقی ہو ہر روز تیرہ سو مرتبہ ان آیات مبارکہ کا پڑھنا نہایت ہی مجرب اور مفید ہے۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

اَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ اِنِّیۡۤ اٰتِيۡكُمۡ بِسُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ وَ اِنِّیۡ عُذۡتُ بِرَبِّیۡ وَرَبِّكُمۡ اَنۡ تَرۡجُمُوۡنِ ۝ وَاِنۡ تُؤۡمِنُوۡا لِیۡ فَاعۡتَزِلُوۡنِ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوۡمٌ مُّجۡرِمُوۡنَ۔

علاج آسیب زدہ

وَيۡلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ ۝ يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰى عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ يَسۡمَعۡهَا فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ۝ وَاِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا شَيۡئَا اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ۝ مِنۡ وَّرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُ وَلَا يُغۡنِیۡ عَنۡهُمۡ مَّا كَسَبُوۡا شَيۡئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡلِيَآءَ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ۔

اگر کوئی شخص ان آیتوں کو روزانہ اپنے ورد میں رکھے۔ انشاءاللہ کبھی کوئی جن بھوت پاس نہ آئے گا:

گلستان نیوز ایجنسی، فریئر مارکیٹ، کراچی۔ 0300-2680248
ادارہ روحانیات